سیرتِ نبویؐ

قرآن حکیم کی روشنی میں

Toobaa-elibrary.blogspot.com

سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

قرآن حکیم کی روشنی میں

تقاریر: مولانا سید وصی مظہر ندوی

پیشکش: طوبیٰ ریسرچ لائبریری

toobaa-elibrary.blogspot.com

سیرۃِ نبویؐ

قرآن حکیم کی روشنی میں

جدہ ریڈیو سے نشر شدہ
۹ تقاریر کا مجموعہ

مولانا سیّد وصی مظہر ندوی

★ موثر کے معانی - ص 6
★ خلق خلق ص 21
★ مہر 21
★ دعوت کے لیے قیام الیل کا حکم 32

Toobaa-elibrary.blogspot.com

طبع اوّل تعداد ۲۰۰۰

تاریخ اشاعت : ۹ فروری ۱۹۸۳ - ۲۵ ربیع الثانی ۱۴۰۳ھ

قیمت :

ناشر : قمر سعید قریشی

مطبع : مکتبہ جدید پریس - لاہور

ملنے کا پتہ : مدرسہ جامعہ اسلامیہ
ٹھنڈی سڑک حیدر آباد (سندھ)

پیش لفظ

۷۵ء اور ۷۷ء میں جب مجھے حج بیت اللہ اور عمرہ کی سعادت حاصل ہوئی تو جدہ ریڈیو میں مشرقی زبانوں کے پروگرام کے نگرانِ اعلیٰ جناب نصار رفیع الکیانی کی تحریک اور وزیرِ اطلاعات و نشریات محترم جناب ڈاکٹر محمد عبدہ یمانی کی حوصلہ افزائی کی بنا پر جدہ ریڈیو سے "سیرتِ نبوی قرآن حکیم کی روشنی میں" کے عنوان سے میری تقریروں کا ایک سلسلہ نشر ہوا - ان میں سے بعض تقریریں "فاران"، کراچی اور "میثاق" لاہور میں شائع بھی ہوئیں -

ویسے تو ریڈیائی پروگرام ہونے کی وجہ سے ان تقریروں میں ٹھوس اور علمی انداز اختیار کرنا نہ تو ممکن تھا اور نہ مناسب - تاہم اپنے موضوع کے لحاظ سے یہ ایک ایسی کوشش ہے جس کی مثال ملنا مشکل ہے -

ان تقاریر کے ذریعہ ایک طرف سیرتِ نبوی (علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والتسلیم) کے ساتھ محبت پیدا ہوتی ہے - دوسری طرف ان کے ذریعہ قرآن فہمی میں بھی مدد ملتی ہے -

میں نے ان تقاریر کے ذریعہ یہ بھی واضح کرنے کی کوشش کی ہے کہ اسلامی انقلاب کن مراحل سے گزرتا ہوا کامیابی کی منزل تک پہنچتا ہے ہر مرحلے کی خصوصیات کیا ہوتی ہیں اور اسلامی انقلاب کے علمبرداروں کو ان مختلف مرحلوں میں کن حالات سے گذرنا پڑتا ہے -

Toobaa-elibrary.blogspot.com

چالیس کے قریب تقاریر میں سے سردست ۹ کا یہ مجموعہ حاضر ہے۔ موجودہ ہنگامی زندگی سے نجات ملے تو باقی تقاریر کے ساتھ ان سب کو یکجا شائع کیا جائے۔ جس طرح اس سے قبل میری کتاب "دعوت اسلامی تاریخ کے آئینہ میں" شائع ہو چکی ہے۔ اس مجموعہ کی اشاعت کے ضمن میں عزیزم جناب عاکف سعید صاحب کا شکر گزار ہوں جنہوں نے اس کی کتابت، تصحیح اور طباعت کی نگرانی کی۔ آخر میں، میں جدہ ریڈیو اور اس کے ڈائریکٹر جناب حسین محمد العسکری کا شکر گزار ہوں جن کی اجازت سے یہ مجموعہ اشاعت پذیر ہو رہا ہے۔

وصی مظہر

(حیدرآباد)

آنحضرتؐ کی زندگی نبوّت سے قبل

الحمد للہ العلی العظیم والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ محمد الامین وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین۔

سیرت رسولؐ اور قرآن حکیم

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نقش قدم پر ہر مسلمان کو چلنے کا حکم دیا گیا ہے، اس لئے قدرتی طور پر ہر مسلمان کے دل میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ طیبہ کو معلوم کرنے کا ذوق وشوق پیدا ہوتا ہے اور پیدا ہونا چاہیئے۔ یہیں سے یہ سوال ابھرتا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کو معلوم کرنے کا سب سے مستند ذریعہ کیا ہے؟

اس سوال کا انتہائی حقیقت افروز جواب وہ ہے جو اُم المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا نے دیا تھا۔ اُن سے کسی شخص نے حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت واخلاق کے بارے میں پوچھا تو آپ نے نہایت حیرت سے خود اس پوچھنے والے سے دریافت کیا .... اَمَا تَقْرَءُ الْقُرْاٰنَ؟ کیا تو قرآن نہیں پڑھتا۔ پھر خود ہی کہا: کَانَ خُلُقُہُ الْقُرْاٰنَ ط (یعنی آپ کی سیرتِ مبارکہ کی مکمل تصویر قرآن ہے!)

اُم المؤمنینؓ کے اس ارشاد کی روشنی میں ہم نبوّت سے قبل اور

Toobaa-elibrary.blogspot.com

آغازِ نبوّت کے وقت آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کی سیرت کے بارے میں قرآن مجید کی صرف دو چھوٹی چھوٹی آیتوں کا مطالعہ کرنا چاہتے ہیں، جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوّت کی صداقت پر ایک ناقابلِ انکار حجّت کی حیثیت بھی رکھتی ہیں، یہ سورۂ مدّثر کی پہلی آیتیں ہیں، ارشاد ہوتا ہے:

"یٰٓاَیُّھَا الْمُدَّثِّرُ ہ قُمْ فَاَنْذِرْ ہ" "اے چادر میں لپٹے ہوئے انسان! اُٹھ اور (انسانیت کو گمراہی کے نتائج سے) باخبر کردے!"

اِن آیات کے متعلق ایک روایت تو یہ ہے کہ حضور صلّی اللہ علیہ وسلم پر آغازِ وحی میں یہی آیتیں نازل ہوئیں۔ لیکن اگر مشہور روایت کیمطابق ... اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ ہ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ہ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ہ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ہ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ ہ کو سب سے پہلے نازل ہونے والی آیات تسلیم کیا جائے تو بھی سورۂ علق کی یہ آیات محض تمہیدی ہیں۔ کارِ نبوّت کا آغاز دراصل ان آیات سے ہوتا ہے جو "سورۂ مدّثر" کی ابتداء میں ہیں اور جو فَتْرَۃُ الْوَحْیِ (وحی کا وقفہ) کے بعد نازل ہونے والی پہلی آیات ہیں۔

"المدّثر" کی حقیقت

ان میں سے پہلی آیت میں حضورِ اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی تصویر "المدّثر" کے لفظ سے کھینچی گئی ہے جو دثار کے لفظ سے بنا ہے۔ "دثار" اس بڑی چادر کو کہتے ہیں، جو انسان موسم کی سختی یا کسی اور بیرونی تکلیف سے بچنے کیلئے اپنے اصل لباس کے اوپر سے لپیٹ لیتا ہے۔ اس چادر کی خصوصیت یہ ہوتی ہے کہ وہ بیرونی نگاہوں، خطروں اور موسم و ماحول کی سختیوں سے انسان کو بچاتی ہے اور انسان کی اصل شخصیت اُس کی قوّت و طاقت،

اُس کی ذہانت و فطانت، اُس کی عمر و صحت وغیرہ اُمور اُس کے اندر مخفی رہتے ہیں۔

عربی قاعدہ کی رُو سے "مُدَّثِّر" اُس شخص کو کہا جائے گا جو دثار (بیرونی چادر) میں خوب اچھی طرح لپٹا ہوا ہو۔ اب ذرا اس بات پر غور کیجئے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کارِ نبوّت کے آغاز میں اس خطاب سے کیوں مخاطب کیا گیا۔ اس سوال کا جواب معلوم کرنے کے لئے ہمیں جاہلی معاشرے کی اس حالت کا مطالعہ کرنا ہوگا۔ جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سانس لے رہے تھے۔ آپ کو معلوم ہے کہ وہ معاشرہ فسق و فجور، فتنہ و فساد، ظلم و تعدّی، کمزور آزاری، بے حیائی و بداخلاقی، شراب نوشی اور قتل و غارت گری اور فکر و نظر کی ہر گمراہی میں مبتلا تھا۔ ایسے بگڑے ہوئے معاشرے میں ایک صالح فطرت انسان اپنے آپ کو کتنا اجنبی محسوس کرتا ہوگا۔ بچپن میں اُس کو آوارہ بچّوں کے کھیل نہ بھاتے ہوں گے، نوجوانی میں اُس کو نوجوانوں کی دلچسپیوں سے کوئی سروکار نہ ہوگا، بڑوں کی ہوسِ جاہ و زر اور اس میں اندھے ہو کر ایک دوسرے کے خلاف سازش اور طاقت کا استعمال، پھر اُن کی عیش پرستانہ زندگی! غرض کہ اُن کی کسی بات میں بھی تو اس کے لئے کشش نہ ہوگی۔ بالکل اس طرح جیسے آج کل ہمارے ملک کے کسی دُور دراز دیہات کا رہنے والا کوئی صالح اور متقی مسلمان پیرس یا امریکہ کی بدنام زمانہ تفریح گاہوں میں یکایک پہنچ جائے۔ بیچارہ اوّل تو اپنے گوشۂ عافیت سے نکلنا ہی پسند نہ کرے گا، تنہائی اور عزلت سے اُس کی دوستی ہوگی اور اگر گھر سے باہر نکلنے پر مجبور ہی ہو جائے گا تو اُس کی خواہش یہی ہوگی کہ نہ وہ کسی کو دیکھے

Toobaa-elibrary.blogspot.com

اور نہ کوئی اُسے دیکھ پائے، نگاہیں نیچی کئے ہوئے اپنی شخصیت کو چھپائے ہوئے، سب سے بچتے بچاتے ہوئے اپنی منزل پر پہنچ کر اطمینان کا سانس لے گا۔

آنحضرتؐ کی سیرت قبل نبوّت

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نبوت سے قبل چالیس سال کی زندگی جاہلی معاشرے میں بالکل اسی طرح گذاری۔ جب آپ بچے تھے تو عام بچوں سے آپ کے ڈھنگ نرالے تھے۔ جب آپ جوانی کی ہنگامہ خیز زندگی میں داخل ہوئے تو نہ قبائلی جھگڑوں میں حصہ لیا، نہ قریش کے دیگر محبوب مشغلوں سے آپؐ نے کوئی سروکار رکھا، نہ آپ نے کبھی راگ و رنگ کی محفلوں میں شرکت کی، نہ لوگوں نے آپ کو میلوں ٹھیلوں میں دیکھا، نہ آپؐ ناؤ نوش کی محفلوں میں شریک ہوئے، نہ کبھی طوافِ عُریاں کو گوارا کیا، نہ شرک و بت پرستی کی رسوم میں کبھی آپ نے دلچسپی لی۔

اس معاشرے میں چالیس سال زندگی گزارنے کے بعد بھی صرف گنتی کے چند آدمی آپؐ کے یارِ غار اور غمگسار تھے۔ نبوت سے قبل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کا یہی نقشہ کتابوں میں ملتا ہے، اور جب وحی کا آغاز ہونے والا تھا تب تو آپ بالکل ہی سب سے الگ تھلگ ہو کر کافی کافی طویل مدت کے لئے غارِ حرا میں جا بیٹھتے اور پھر سامانِ خورد و نوش ختم ہونے پر ہی مکہ کا رُخ کرتے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اس زندگی کی تصویر کشی اگر صرف ایک لفظ سے کرنی ہو تو بتائیے کہ کیا "المدثر" کے لفظ سے زیادہ بہتر اور جامع کسی اور لفظ سے کی جا سکتی ہے!!

صلاحیتیں مخفی ہیں

یہ تو اس لفظ "مُدّثر" کا صرف ایک پہلو ہے۔ اس لفظ میں ایک دوسری حقیقت

بھی چھپی ہوئی ہے، اور وہ یہ کہ چادر میں لپٹے ہوئے شخص کی شخصیت مخفی رہتی ہے۔ اُس کی صلاحیتوں، توانائیوں اور قوتوں کا کوئی اندازہ لگانا بہت دشوار ہوتا ہے۔ گویا لفظ "المدثر" اس بات کی جانب بھی اشارہ کر رہا ہے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو اپنے معاشرے میں الگ تھلگ زندگی گزار رہے ہیں۔ اُن کے اندر قوتوں اور صلاحیتوں کا وہ خزانہ مخفی ہے، جس کا کوئی اندازہ اس جاہلی معاشرے کو نہیں ہے، جس میں آپؐ زندگی گزارے رہے ہیں۔ چنانچہ تاریخ شاہد ہے کہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم چالیس برس کی عمر تک نہ قبائلی سردار کی حیثیت سے اُبھرے، نہ قریش کے صاحبِ دولت و اقتدار فرد کی حیثیت سے معروف ہوئے۔ لیکن جب آپؐ نے نبوّت کے بعد دعوتِ اسلامی کا کام شروع کیا تو دُنیا نے دیکھا کہ آپ بہترین مُبلّغ، اعلیٰ درجے کے مُعلّم و مُربّی ہونے کے ساتھ ساتھ گرد و پیش کے حالات پر گہری نظر رکھنے والے سیاستدان، فوجوں کی بہترین رہنمائی کرنے والے قائد اور ایک نظریاتی مملکت کے بہترین سربراہ بھی ہیں۔

دیکھئے اس چھوٹی سی آیت میں جو صرف دو لفظوں پر مشتمل ہے، کس طرح حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نہ صرف پورے ماضی کو ایک لفظ میں بیان کر دیا گیا ہے بلکہ مستقبل کے امکانات کی طرف بھی اشارہ کر دیا گیا ہے

لفظ "قُمْ" کی تاثیر

دوسری آیت میں اسی الگ تھلگ رہنے والی ہستی کو اچانک حکم دیا جاتا ہے کہ وہ اُٹھے اور اس کا معاشرہ جن اعتقادی گمراہیوں، اخلاقی پستیوں، اور ظلم و زیادتیوں میں ڈوبا ہوا ہے، اُس کے بُرے نتائج سے لوگوں کو آگاہ کر دے۔

Toobaa-elibrary.blogspot.com

یہ کوئی معمولی بات نہیں کہ ایک شخص جو شروع ہی سے اپنے معاشرے سے کٹا ہوا ہو جس کا مزاج، جس کی افتادِ طبع، جس کی سرشت، جس کی سیرت، جس کا کردار معاشرہ سے کوئی مناسبت نہ رکھتا ہو۔ اور جو چالیس سال کی عمر تک عزلت پسند اور خاموش طبع انسان کی حیثیت میں پہچانا جاتا ہو، معاشرے کی ساری گمراہیوں کو اپنی پوری جوانی کے زمانے میں خاموشی کے ساتھ دیکھتا رہا ہو، جس نے اپنے معاشرے کے خلاف کوئی لب کشائی نہ کی ہو، وہ بھلا چالیس سال کی پختہ عمر کے بعد یکایک اپنے مزاج اور اپنی سیرت کو کیسے بدل سکتا ہے۔

لیکن اللہ تعالیٰ کے لفظ "قُم" (اُٹھ) میں کیا معجزانہ طاقت بھری ہوتی تھی کہ جونہی آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو حکم ملا۔۔۔ قُمْ فَاَنْذِرْ! اُٹھ اور غلط روی کے بُرے نتائج سے آگاہ کر دے! — فوراً ہی آپ نے خاموشی کی چادر اُتار پھینکی اور دعوت و تبلیغ کا کام اس زور سے کرنے لگے کہ جس کی مثال دعوت و تبلیغ کی تاریخ میں ملنی محال ہے۔ حتیٰ کہ خود اللہ تعالیٰ نے بار بار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حدِ اعتدال سے زیادہ مشقت برداشت کرنے سے منع فرمایا:

فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ	تو شاید آپ رنج کے مارے
عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ	اُن کے پیچھے اپنی جان ہی دے
يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ	ڈالیں گے۔ اگر وہ اس پیغام
اَسَفًا	پر ایمان نہ لائے!

ہمیں دنیا کی تاریخ میں اس کی تو بہت مثالیں ملتی ہیں کہ ایک شخص ابتداء ہی سے اصلاحِ معاشرہ کا کام کر رہا ہو۔ چھوٹی، بڑی اصلاحی تحریکوں میں حصہ لے رہا ہو، اور پھر اُس نے آگے چل کر کوئی بڑا کارنامہ کر دکھایا ہو،

لیکن اس کی کوئی مثال نہیں ملتی کہ کوئی شخص جوانی تو خاموشی میں بتا دے، لیکن اُدھیڑ عمر میں پہنچ کر اپنے معاشرے کے خلاف بغاوت کا اعلان کر ڈالے، اُس سے جنگ آزما ہو جائے اور بالآخر اُس کو بدل کر رکھ دے۔

ناقابلِ انکار دلیلِ نبوت

لہٰذا اس سے یہ بات بھی واضح ہو جاتی ہے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چالیس سال کی عمر کے بعد جس مہم کا آغاز کیا وہ آپ کی اپنی ایجاد کردہ کوئی تحریک نہ تھی بلکہ وہ اللہ ربّ العالمین ہی کی دعوت تھی، جس کو آپؐ نے اسی کے حکم سے جاری فرمایا تھا۔ لفظِ "قُم" کے ذریعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جو حکم دیا گیا تھا اُس سے قبل آپؐ کی زندگی کچھ اور تھی۔ لیکن اس لفظ کی قوت حاصل ہونے کے بعد آپؐ کی زندگی بالکل ہی بدل کر رہ گئی۔

معاملے کو اگر اِس پہلو سے دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ دونوں آیات نبوت کی صداقت کی اُس دلیل کی طرف بھی اشارہ کرتی ہیں، جس کا ذکر نسبتاً زیادہ تفصیل سے دیگر آیات میں کیا گیا ہے مثلاً: فَقَدْ لَبِثْتُ فِيْكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهٖ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ (سورۂ یونس ۱۶) "میں تمہارے درمیان ایک (اچھی خاصی) عمر گزار چکا ہوں، تو کیا تم سمجھتے نہیں ہو!" — دوسری جگہ ارشاد ہے: مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ۔ (سورۂ شوریٰ: ۵۲): "(اے نبیؐ) تم جانتے بھی نہ تھے کہ کتاب کیا ہوتی ہے، اور ایمان کسے کہتے ہیں۔ لیکن یہ تو ہم ہیں کہ ہم نے اُس کو نور بنایا جس کے ذریعے سے ہم جس کو چاہتے ہیں، ہدایت دیتے ہیں!"

Toobaa-elibrary.blogspot.com

اِنذار اور اللہ تعالےٰ کی کبریائی

گذشتہ صفحات میں "سورۂ مدثر" کی پہلی دو آیتوں کی روشنی میں ہم نے حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کے بعض پہلوؤں کا مطالعہ کیا تھا۔ اس مطالعہ سے یہ بات واضح ہوئی تھی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی صالح فطرت کی بنا پر جاہلی معاشرے سے بالکل بیزار اور اُس کی انفرادی و اجتماعی، لایعنی یا مفسدانہ، ظالمانہ یا گمراہانہ سرگرمیوں سے قطعاً لاتعلق تھے۔

اس مطالعہ سے یہ بات بھی واضح ہوگئی تھی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نبوّت سے قبل اگرچہ عُزلت اور گوشہ نشینی کی زندگی کو پسند فرماتے تھے۔ لیکن جونہی آپؐ کو "قُمْ فَاَنْذِرْ" کا حکم ملا، آپ معاشرے کی ہر گمراہی اور بدکرداری کے خلاف سرگرمِ عمل ہوگئے۔

اِن آیاتِ کریمہ کے مطالعہ سے یہ حقیقت بھی واضح ہوچکی تھی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قبل از نبوّت چالیس سالہ زندگی میں وہ قوّتیں اور صلاحیتیں مخفی رہیں جن کا ظہور بعد از نبوّت ہونے والا تھا۔

ضمناً یہ بات بھی معلوم ہوگئی تھی کہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبل از نبوّت زندگی اور بعد از نبوّت زندگی میں جو عظیم الشّان فرق پایا جاتا ہے، اُس کی کوئی توجیہ اس کے سوا ممکن نہیں کہ بعد از نبوّت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ روشنی اور قوّت حاصل ہوگئی تھی، جس کو ہم وحیِ الٰہی کے لفظ سے تعبیر

کرتے ہیں۔

انذار کا مفہوم

آج اپنی ہدایت و رہنمائی کے لئے ہم یہ بات معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ ایسی بگڑی ہوئی سوسائٹی اور ایسے فاسد معاشرے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اصلاح کا نقطۂ آغاز کس چیز کو بنایا؟ اس سلسلے میں یہ بات تو بالکل واضح ہے کہ کسی صحیح تعمیر کا تصوّر بھی اس وقت تک نہیں کیا جاسکتا، جب تک کہ موجودالوقت غلط تعمیر کی بنیادوں کو نہ ڈھا دیا جائے۔ چنانچہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پہلا کام "انذار" تھا، یعنی لوگوں کو اِن خطرات سے آگاہ کرنا، جن سے وہ اپنے غلط عقائد اور غلط اعمال کی وجہ سے دوچار ہونے والے تھے تاکہ وہ اس غلط بنیادوں پر تعمیر ہونے والے نظامِ اجتماعی کی عمارت کو منہدم کرنے کے لئے آمادہ ہوجائیں۔ لہٰذا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے قریب ترین اہلِ خاندان کو جمع کیا تو مستقبل کے اصل خطرے سے آگاہ کرتے ہوئے فرمایا:

وَاللّٰہِ لَتَمُوْتُنَّ کَمَا تَنَامُوْنَ وَلَتُبْعَثُنَّ کَمَا تَسْتَیْقِظُوْنَ وَلَتُحَاسَبُنَّ بِمَا تَعْمَلُوْنَ وَلَتُجْزَوُنَّ بِالْاِحْسَانِ اِحْسَانًا وَّبِالسُّوْءِ سُوْءًا وَاِنَّھَا لَجَنَّۃٌ اَبَدًا اَوِ النَّارُ اَبَدًا وَاَنَّکُمْ لَاَوَّلُ مَنْ اُنْذِرُ بَیْنَ یَدَیْ عَذَابٍ شَدِیْدٍ (ترجمہ): "خدا کی قسم تم ایک دن مرجاؤ گے، جس طرح سو جاتے ہو۔ اور پھر تم سے تمہارے اعمال کا ضرور حساب لیا جائے گا۔ تمہیں بدلہ دیا جائے گا بُرائی کا بُرائی سے اور اچھائی کا اچھائی سے، اور پھر یا ہمیشہ کی جنّت ہے یا ہمیشہ کی دوزخ اور تم پہلے وہ لوگ ہو جن کو ایک سخت عذاب آنے سے قبل خبردار کردیا گیا ہے!"

اسی طرح آپؐ نے اپنے قبیلے کو بلکہ تمام اہلِ مکّہ کو کوہِ صفا کے دامن میں جمع کیا اور پھر یہ کہہ کر گفتگو کا آغاز فرمایا: اَنَا النَّذِیْرُ الْعُرْیَانُ،

Toobaa-elibrary.blogspot.com

(میں کھلا کھلا ڈرانے والا ہوں!) آپ نے انہیں بتایا کہ انجام سے بے خبر، جوابدہی سے بے نیاز، دُنیا پرستی اور خدا فراموشی کی جس زندگی میں تم مبتلا ہو وہ محض فریب ہے اور یہ حیاتِ مستعار جب واپس لی جائے گی، تو تم کو ایک ایک چیز کا حساب دینا ہوگا۔

یہ کہنے کو منفی کام تھا، لیکن حقیقتاً وہ بھی تعمیرِ معاشرہ کے لئے ایک مثبت بنیاد فراہم کرتا تھا، اور وہ یہ کہ انسان غیر مسئول نہیں بلکہ مسئول ہے، آزاد نہیں بلکہ بندہ ہے۔ اس کے لئے فنا نہیں بلکہ بقا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی کبریائی کا مفہوم

پھر انذار کے اس کام کے ساتھ ہی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذمہ جو مثبت کام سپرد کیا گیا تھا، وہ اسی سورت کی تیسری آیت میں بیان کیا گیا ہے: "وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ" (اور صرف اپنے ربّ ہی کی بڑائی کرو!) اس چھوٹی سی آیت میں وسیع مطالب پنہاں ہیں، لیکن ہم نے یہ سمجھ لیا ہے کہ: "سَبِّحْ" کے معنی محض زبان سے سُبْحَانَ اللہ کہنا ہے اور "کَبِّرْ" کے معنی محض زبان سے اللہ اکبر کہنا ہیں۔ حالانکہ حقیقتاً ان الفاظ کا مفہوم صرف وہ نہیں ہے جو ہم نے سمجھا ہے، دیگر الفاظ کو چھوڑیئے۔ اس وقت صرف لفظ کَبِّرْ کو لے لیجئے، اس لفظ کے حقیقی معنی یہ ہیں کہ آدمی زبان سے بھی صرف اللہ کی بڑائی کا اعلان کرے، قلب میں بھی صرف اللہ کی بڑائی کا یقین رکھے، دماغ سے بھی غیر اللہ کی بڑائی خارج کر دے اور وہ تمام قوتیں اور طاقتیں، بُت اور انسان موہوم و موجود اشیاء جو بڑائی میں اللہ تعالیٰ کی ہمسری کا دعویٰ رکھتی ہوں یا جن کے بارے میں اس قسم کا دعویٰ کیا جاتا ہو، ان سب کے مقابلے میں کلمہ "اللہ اکبر" ایک اعلانِ

جنگ ہے اور شعور کے ساتھ جو شخص یہ اعلان کرتا ہے، وہ اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھ سکتا، جب تک کہ زمین پر بھی اللہ کی بڑائی اس طرح قائم نہ کر دکھائے جیسی آسمانوں میں اس کی بڑائی ہے۔ بالفاظِ دیگر جب تک انسان دائرہ اختیار میں بھی اُسی ربّ کی بندگی کو نہ قبول کر لے، جس ربّ کی بندگی دائرہ جبر میں وہ کرتا ہی ہے۔

اس تفصیل سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ: "رَبِّكَ فَكَبِّرْ" کا حقیقی مفہوم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی فرمانروائی، بالادستی، اقتدارِ اعلیٰ اور عظمت کو قائم کیا جائے اور بڑائی کے تمام جھوٹے مدعیان چاہے وہ آدمی کا اپنا نفس ہو، چاہے وہ شیطان ہو، چاہے جن ہو، چاہے بشر ہو، چاہے مرئی یا غیر مرئی مخلوق ہو، سب کی جھوٹی بڑائی کا قلع قمع کر دیا جائے۔

یہ وہ عظیم الشان کام تھا جو اس جاہلی معاشرے میں تن تنہا کسی ساز و سامان اور مادی سہارے کے بغیر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو انجام دینا تھا اور آپ نے ۲۳ سال کے مختصر عرصے میں جزیرہ نمائے عرب کے اندر اللہ کی بڑائی عملاً قائم کر دکھائی۔ نیز اللہ کے سپاہیوں کی ایسی جانباز فوج تیار کر دی جو اس مقصد کو لے کر اس وقت کی پوری متمدن دُنیا میں پھیل جانے کی اور اس پر چھا جانے کی صلاحیت رکھتی تھی۔

کرنے کا کام

قرآن مجید کی روشنی میں سیرتِ پاک کے اس مطالعے سے جو سبق ہم کو حاصل ہوتا ہے، وہ یہ ہے کہ ہر مومن کے کرنے کا کام یہی ہے، یعنی دلوں میں فکرِ آخرت پیدا کی جائے، دُنیا کی بے ثباتی کا نقش بٹھایا جائے، آخرت کی کامیابی کو اصل مطلوب بنایا جائے، اور ربّ العزت کے سامنے جوابدہی کا یقین رکھنے والوں کی منظم کوشش

Toobaa-elibrary.blogspot.com

کے ذریعے اللہ کے کلمہ کو سب کلموں سے بلند کر دکھایا جائے اور اللہ کے سامنے جوابدہی کا جیتا جاگتا شعور پیدا کیا جائے اور اللہ کی عظمت کے مقابلے میں ہر عظمت کو پیوندِ خاک کر دیا جائے۔

دورِ حاضر میں یہی کام ان سب لوگوں کو کرنا ہے جو مسلمان ہونے کے دعویدار ہیں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے کے مقابلے میں ہمارے لئے یہ کام کرنا اس لحاظ سے تو آسان تر ہے کہ آج خدا کے فضل سے دُنیا میں کروڑوں مسلمان بستے ہیں۔ جن کے پاس ہر قسم کے وسائل اور ہر طرح کا ساز و سامان موجود ہے۔ یہ سارے مسلمان اگر مل کر اللہ کی بڑائی کو قائم کرنے کا عزم کر لیں، تو باطل ایک منٹ کے لئے بھی اُن کے مقابلے میں ٹھہر نہیں سکتا۔ بلکہ سارے مسلمان تو بڑی بات ہیں، اگر صرف دس فیصد مسلمان بھی عزم و ہمت اور اخلاص کے ساتھ اس مقصد کے لئے اُٹھ کھڑے ہوں تو بڑائی کے تمام جھوٹے مدعیوں کو بالآخر اللہ کی بڑائی کے سامنے سر جھکانا پڑ جائے۔

لیکن ایک لحاظ سے یہ کام آج کے زمانے میں زیادہ مشکل ہو گیا ہے۔ کیونکہ اس زمانے میں اس کام کے راستے میں سب سے بڑی رکاوٹ بیگانے نہیں بلکہ اپنے لوگ ہیں، دشمن نہیں بلکہ دوست ہیں، یہی سب سے بڑا روڑا بنے ہوئے ہیں۔

ہمارے اس دعویٰ پر نہ حیرت کیجئے اور نہ غصہ بلکہ ذرا ٹھنڈے دل سے غور کیجئے کہ کیا آج:

- مسلمانوں کی بھاری اکثریت اس مقصد کو سرے سے فراموش نہیں کر چکی ہے؟

- کیا مسلمانوں کی بھاری اکثریت نے اس مقصد کے حصول کے بجائے بعض چھوٹی چھوٹی رسموں کے پورا کر دینے ہی کو اصل دین نہیں سمجھ لیا ہے؟
- کیا مسلمانوں کی بھاری اکثریت آج دنیا پرستی میں مبتلا ہو کر آخرت کو فراموش نہیں کر بیٹھی ہے؟
- کیا ہم میں ہر شخص نے عملاً یا تو اپنے نفس کو، یا خاندان اور قبیلہ کو، یا قوم اور وطن کو بڑائی کا وہ مقام نہیں دے رکھا ہے جو صرف اللہ ربُّ العزت کے لئے خاص ہے؟

ان حالات میں اگر کوئی اللہ کا بندہ اس مقصد کے لئے اٹھتا ہے کہ دُنیا کے لوگوں کو غفلت سے چونکا کر، دنیا پرستی سے ہٹا کر بندگی رب کی طرف بلائے اور اللہ کی بڑائی کے سامنے سر جھکانے پر آمادہ کرے تو اکثر خود مسلمان ہی اُس کے خلاف سب سے زیادہ شور مچانا شروع کر دیتے ہیں اور جب تک اُس کی آواز ختم نہ ہو جائے بیچارے مسلمانوں کو اس وقت تک چین ہی نہیں آتا۔ اس صورتِ حال کا علاج کیا ہے؟ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جس کام پر مامور کیا گیا تھا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اُمتی ہونے کے لحاظ سے جس کام کی ذمہ داری اب ہم پر ہے!! (کیونکہ اب اور کوئی نبی نہیں آنے والا ہے۔) اس کام کو اب کیسے کیا جائے، اس سوال کا جواب بھی سورۂ مدثر کے ابتداء ہی میں موجود ہے۔ اور اللہ ربُّ العزت نے ہمارے کام کرنے کا واضح طریق کار بھی متعین فرما دیا ہے۔ اس طریقِ کار کی وضاحت ہی اس کتاب کا مقصد ہے۔

Toobaa-elibrary.blogspot.com

لائحہ عمل

سورۃ مدثر کی ابتدائی سات آیات میں اللہ تعالیٰ نے اوّلاً اس مہم کو بیان فرمایا جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے توسط سے آپ کی اُمت کے حوالے کی گئی تھی یعنی آخرت کی جواب دہی کی اساس پر اللہ تعالیٰ کی بڑائی کا نظام قائم کرنا۔

پھر اس مہم کو سر کرنے کے لئے لائحہ عمل اور طریق کار بھی بیان فرما دیا۔ بعد نبوت آں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پوری زندگی اسی لائحہ عمل اور طریق کار کی تفسیر و تفصیل ہے۔ آج ہم اسی لائحہ عمل کو سمجھنے کی کوشش کریں گے، تاکہ ایک طرف سیرتِ نبوی کے ساتھ ہمارا تعلق مستحکم ہو۔ دوسری طرف ہم خود بھی اس لائحہ عمل کے مطابق کام کرنے کا عزم کریں۔

تطہیر اس لائحہ عمل کا پہلا جُز وَ ثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ہے، جس کے لفظی معنی ہیں: "اور اپنے کپڑوں کو پاک رکھو!" اس کی تفسیر میں مفسرین کے بہت سے اقوال منقول ہیں چونکہ ان اقوال میں باہم کوئی تضاد نہیں، اس لئے وہ سب مفہوم بیک وقت بھی مراد ہو سکتے ہیں ——!!

ثیاب (کپڑوں) کے معنی کے بارے میں ایک قول یہ ہے کہ اس

سے مراد نفس یا دل ہے۔ یعنی اپنے دل کو پاک رکھو۔ دل کو پاک رکھنے کا مطلب یہ ہے کہ جس مہم کو سر کرنے کے لئے تم جا رہے ہو، اس میں آخرت کی طلب اور اللہ کی رضا کے سوا اور کوئی مقصد تمہارے دل کو گندہ کرنے کے لئے موجود نہ ہو۔ نہ شہرت و ناموری کی خواہش، نہ ستائش کی تمنا، نہ صلے کی پرواہ، نہ اقتدار کی طلب، اور نہ کچھ اور، صرف اور صرف رضائے الٰہی کا حصول تمہارا مقصود ہونا چاہیئے۔

ثیاب کے بارے میں دوسرا قول یہ ہے کہ اس سے مراد عمل و اخلاق ہیں، یعنی تمہارے اخلاق پاکیزہ ہونے چاہئیں، نہ تمہارے قول و عمل میں تضاد ہو، نہ تمہاری زبان اور ہاتھ سے کسی کو تکلیف پہنچے، نہ تمہاری سیرت و کردار میں کوئی چیز ناپسندیدہ اور گندی ہو۔

ثیاب کے بارے میں تیسرا قول یہ ہے کہ اس سے مراد کپڑے ہی ہیں۔ لیکن ان کو پاک رکھنے سے مراد یہ ہے کہ یہ حلال ذریعے سے حاصل کردہ ہوں۔ ظاہر ہے جب کپڑے جو محض جسم سے لگے رہتے ہیں، اُن کے لئے ضروری ہے کہ وہ حلال ذریعہ سے حاصل کئے جائیں، تو پھر غذا جو جسم و رُوح کا حصہ بنتی ہے، اُس کو تو لازماً حلال و طیب ہونا چاہیئے۔

ان تمام اقوال میں مشترک بات یہ ہے کہ انسان کے ساتھ جو چیز بھی کپڑوں کی طرح چمٹی رہتی ہے، اُسے ثیاب کہا گیا ہے۔ اسی مناسبت سے اللہ تعالیٰ نے بیوی کو شوہر کے لئے، اور شوہر کو بیوی کے لئے لباس قرار دیا ہے۔

اس سے یہ مفہوم بھی اخذ کیا جا سکتا ہے کہ تمہارے ساتھی اور رفیق پاکیزہ اخلاق کے مالک ہوں اور ان میں سے جو تم سے جتنا زیادہ قریب

Toobaa-elibrary.blogspot.com

ہوا اس کا اخلاق اتنا ہی زیادہ پاکیزہ ہونا چاہیئے۔۔

وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ کی اس وضاحت سے معلوم ہوتا ہے کہ آخرت کی جواب دہی اور اللہ کی بڑائی کی طرف بلانے والے کا نفس گندے جذبات سے دل بُری نیتوں سے اور اخلاق ناپاک عادتوں سے پاک ہونے چاہئیں، یہی نہیں بلکہ اس کام میں اس کے ساتھی بھی اعلیٰ اخلاق اور پاکیزہ سیرت کے مالک ہونے چاہئیں — یہ لائحہ عمل کا پہلا جُز ہے

شرک سے اجتناب

اس کے بعد ارشاد ہے: وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ اور گندگی سے قطع تعلق کرلے۔ اس آیت میں "گندگی" کے بارے میں اکثر مفسرین کا قول یہی ہے کہ اس سے مراد شرک ہے۔ یعنی شرک سے بالکل دور رہو، اس سے تمہارا کوئی واسطہ اور تعلق نہ ہونا چاہیئے۔

یہ آیت دراصل پہلی آیت کی تکمیل کرتی ہے، یعنی پہلی آیت میں طہارت کا مثبت حکم دیا گیا ہے تو اس آیت میں اُس اصل گندگی سے بچنے کا حکم دیا گیا ہے، جو عقائد و اعمال میں جہاں بھی پائی جائے اس کو بالکل نجس کرکے رکھ دیتی ہے، یعنی شرک — اس کا مطلب یہ ہوا کہ جو شخص اللہ کی بڑائی قائم کرنے چلا ہو، وہ شرک سے قطعاً دور رہے اس کے ساتھ کسی شکل میں مصالحت نہ کرے۔

لہٰذا خواہ کھلی کھلی مشرکانہ سوسائٹی ہو یا ایسے مسلمانوں کا وہ معاشرہ جن میں جہالت کے باعث مشرکانہ طور طریقے پھیل گئے ہوں جو شخص اللہ کی بڑائی کو قائم کرنا چاہتا ہوں، اسے بہرحال کسی بھی مصلحت کی خاطر شرک سے ادنیٰ تعلق اور واسطہ بھی نہ رکھنا چاہیئے۔ یہ لائحہ عمل کا دوسرا جُز ہے، یا پہلے جُز کی تکمیل ہے۔

خدمتِ خلق

اس کے بعد ارشاد ہے: وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ۔ اس آیت کے بارے میں مفسرین کے متعدد اقوال ہیں، مشہور قول یہ ہے کہ لوگوں کے ساتھ حُسنِ سلوک کرو مگر اس کے بدلے میں زیادہ لینے کی نیت سے نہیں۔ اگر یہ قول لیا جائے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اللہ کی بڑائی قائم کرنے کی مہم کو جو شخص لے کر اٹھا اُس کو خدمتِ خلق میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہیئے۔ لیکن اس کی غرض محض اللہ کی رضا اور اسکی خوشنودی کا حصول ہونا چاہیئے۔ شہرت یا ناموری، مقبولیت یا عوامی تائید کا حصول یا کوئی دیگر مادّی فائدہ پیشِ نظر نہ ہونا چاہیئے۔

مشہور مفسر مجاہد نے اس آیت کی تفسیر میں کہا ہے کہ اس کے معنی یہ ہیں کہ بھلائی کام خواہ کتنا ہی کر ڈالو مگر اُسے زیادہ نہ سمجھو اور زیادہ سمجھ کر بھلائی کرنے سے رُک نہ جاؤ۔

مطلب یہ ہوا کہ اللہ کی بڑائی کے علمبردار کو زیادہ سے زیادہ بھلائی کرنے کے بعد بھی اس کو بہت نہ سمجھنا چاہیئے، نہ اسی پر بس کر دینا چاہیئے بلکہ اس راہ میں اپنا جان و مال سب کچھ کھپا دینے کے بعد بھی یہی سمجھنا چاہیئے کہ حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا۔ یہ لائحہ عمل کا تیسرا جُز ہے۔

آخر میں لائحہ عمل کے چوتھے جُز کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ہدایت کی گئی:۔ وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ "یعنی اپنے ربّ ہی کے لئے صبر کرو!"

صبر

صبر کے اصل معنی روک رکھنے کے ہیں۔ یہاں صبر کا مطلب یہ ہے کہ اس لائحہ عمل پر کام کرتے ہوئے نہ تو جلد بازی دکھاؤ کہ فوری نتائج کے حصول کی توقع پر لائحہ عمل کے بعض اجزاء پر عمل نہ کرو یا اُن پر عمل کرنے میں کوئی کمی کردو نہ مشکلات سے گھبرا

Toobaa-elibrary.blogspot.com

کہ اس مقصد کو یا اس لائحہ عمل کے کسی جز کو چھوڑ بیٹھو، نہ کسی لالچ کے باعث اپنے مقصد سے ہٹو۔ بلکہ ہر حال میں ثابت قدم رہو۔ اور یہ ثابت قدمی محض اپنے رب کے لئے ہونی چاہیئے۔

یہی نہیں بلکہ اس راستے میں جو صبر درکار ہے وہ محض اللہ تعالیٰ پر ایمان ہی کے ذریعہ حاصل ہو سکتا ہے۔ جیسا کہ ارشاد ہے: وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ ط "اور صبر کر اور نہیں تیرا صبر کرنا مگر اللہ کے ذریعے!"

لائحہ عمل کے اجزاء

بندگانِ خدا کو دُنیا پرستی سے نکال کر آخرت طلبی کی راہ پر لگانے اور غیر اللہ کی بڑائی ختم کر کے اللہ کی بڑائی قائم کرنے کے نصب العین کا حصول جس لائحہ عمل پر موقوف ہے اس کے اجزاء چار ہیں:

۱ - تطہیرِ قلب و نفس اور تطہیرِ رفقاء و انصار

۲ - شرک سے کلی اجتناب (یہ اگرچہ پہلے جز ہی کا حصہ ہے لیکن اپنی اہمیت کے لحاظ سے اس کا علیحدہ ذکر کیا گیا ہے!)

۳ - کسی مادی بدلے کی توقع کے بغیر خدمتِ خلق یا مسلسل جدوجہد

۴ - محض اللہ تعالیٰ کی خاطر صبر و ثبات۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ طیبہ کا آپ تفصیلی مطالعہ کریں گے تو لائحہ عمل کے ان چاروں اجزاء پر آنحضرتؐ کے عمل پیرا ہونے کی تفصیلی کیفیت معلوم ہوگی اور ہم میں سے ہر شخص اپنے اپنے ماحول میں اس نصب العین کے حصول کے لئے اللہ تعالیٰ کے مقرر کردہ لائحہ عمل کو اختیار کرنے کی صورتیں معلوم کر سکے گا۔

اِنذار

دعوت کے ابتدائی دَور میں

سورۂ مدثر کی ابتدائی آیات کی روشنی میں ہم معلوم کر چکے ہیں کہ نبوت کے بالکل ابتدائی دَور میں اللہ تبارک و تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کام کے سلسلہ میں کیا ہدایات دی تھیں۔ ظاہر ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان ہدایات کی سختی کے ساتھ پابندی کی لہٰذا آپ کی سیرتِ طیبہ کا مطالعہ ہم انہی قرآنی ہدایات کی روشنی میں بآسانی کر سکتے ہیں۔

انذار اور تبشیر

نبوت کے ابتدائی دَور میں آنحضرت اللہ علیہ وسلم کا سب سے مقدم کام "اِنذار" تھا۔ اِنذار کے معنی ہیں: "آنے والے خطرہ سے باخبر کر دینا!" اِنذار کے اندر "تبشیر" یعنی اچھے مستقبل کی خوشخبری دینا خود بخود شامل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام کو اللہ تعالیٰ نے مُبشِّر اور مُنذِر دونوں صفات کے ساتھ یاد فرمایا ہے اور موقعہ کی مناسبت سے کہیں دونوں صفات کا ذکر ہے، کہیں کسی ایک صفت کا، پھر کہیں ایک صفت کو مقدم کیا گیا ہے تو کہیں دوسری صفت کو۔

Toobaa-elibrary.blogspot.com

انذار کے باب میں انبیاء کی سُنّت

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب رسالت کا فرض ادا کرنا شروع کیا تو آپ کو صرف "انذار" کا حکم دیا گیا تھا اس کی وجہ جیسا کہ پہلے بھی واضح کیا جا چکا ہے، یہ ہے کہ اگر کوئی معاشرہ اپنے حال پر خوش اور مطمئن ہو اور مستقبل کے بارے میں قطعاً فکرمند نہ ہو تو وہ اپنے حال کو بدلنے پر بھلا کب راضی ہو سکتا ہے۔ اسی لئے انبیاء علیہم السلام کا اصل اور ابتدائی کام ہمیشہ "انذار" ہی کا کام ہوتا ہے۔ وہ نہایت شدید اور چونکا دینے والے انداز اور جھنجھوڑ کر رکھ دینے والی عبارتوں سے ان "حال مست" اور "مال مست" افراد کو مستقبل کی فکر کرنے پر آمادہ کرتے ہیں۔

انذار کی حکمت

اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے معاشرہ کے ایسے افراد جو ذاتی مفادات کے تحفظ سے بالاتر ہوتے ہیں، جو تقلید آباء کے بجائے خود اپنی عقل و فکر سے بھی کام لیتے ہیں اور جو شعور اور احساس کی نعمت سے مالا مال ہوتے ہیں۔ وہ انبیاء علیہم السلام کے انذار سے بیدار ہو جاتے ہیں اور معاشرہ کو تباہی سے بچانے کے لئے غلط اور خطرناک بنیادوں کو ڈھانے اور صحیح بنیادوں پر اسکی تعمیر کے لئے کمربستہ ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ یہی باحوصلہ لوگ آگے بڑھتے ہیں اور ہر قسم کی آزمائشوں اور تکلیفوں کو ہنستے مسکراتے برداشت کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ جاہلی معاشرہ مکمل طور پر ایک اسلامی معاشرہ میں تبدیل ہو جاتا ہے

ابتدائی دور میں دعوت کا طریقہ

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ابتداء میں کھلم کھلا دعوت

پہنچانے کا حکم نہ تھا۔ جیسا کہ آیت: فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ (ہانکے پکارے کہہ دیجئے وہ بات جس کا آپ کو حکم دیا جا رہا ہے) سے ظاہر ہوتا ہے۔ کیونکہ اس آیت کے بارے میں اکثر مفسرین کا اتفاق ہے کہ وہ نبوت کے ابتدائی تین سال کے بعد نازل ہوئی تھی اور اسی آیت کے نزول کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عام دعوت کا آغاز فرمایا۔ ابتدائی دور میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ پر ایمان لانے والے اصحاب انفرادی ملاقاتوں اور شخصی روابط کے ذریعہ اس دعوت کو پھیلانے کی کوشش کرتے رہے۔ تین سال کی اس مدت میں ابن ہشام کے بیان کے مطابق جو لوگ ایمان لائے اور اللہ کی بڑائی کو قائم کرنے کے لئے جنہوں نے ہر قربانی کا عزم کر لیا، ان کی تعداد پچاس سے زائد ہو چکی تھی۔ ان ابتدائی ایمان لانے والوں میں قریش کی سب سے مالدار خاتون حضرت خدیجہؓ، بنی ہاشم کے سردار جناب ابو طالب کے بیٹے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پروردہ حضرت علیؓ، قریش کے سب سے سنجیدہ، باوقار اور صاحب کردار تاجر حضرت ابو بکرؓ (جو قبائل عرب کے بارے میں سب سے زیادہ معلومات رکھتے تھے) فاتح ایران حضرت سعد ابن ابی وقاص فاتح شام حضرت ابو عبیدہ ابن الجراح، اور فقیہہ الامت حضرت عبداللہ بن مسعود جیسے ممتاز اصحاب شامل ہیں۔

اس دور میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ پر ایمان لانے والوں نے نہایت خاموشی کے ساتھ ایسے افراد کو منتخب کیا جن سے ان کے شخصی روابط تھے۔ ان کو آخرت فراموشی اور دنیا پرستی کے خوفناک نتائج سے آگاہ کیا، شرک کو چھوڑ کر توحید پر ایمان لانے کی دعوت دی۔

Toobaa-elibrary.blogspot.com

تین سال کی اس مدت میں قریش کو اگرچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کا علم ہو چکا تھا لیکن وہ عام طور پر حضورؐ کی دعوت کو اپنے لئے کوئی خطرہ تصور نہ کرتے تھے۔ چنانچہ نوجوانوں کو اس نئے دین کے مطابق عبادت کرتے ہوئے اگر کوئی بڑا بوڑھا دیکھ لیتا تو یا تو اُن کی کچھ حوصلہ افزائی کر دیتا یا کچھ ڈانٹ ڈپٹ دیتا تھا!

ابتدائی دور میں قرآنی سورتوں کا عمومی انداز

قرآن مجید کی جو سورتیں اس زمانے میں نازل ہوئیں مثلاً سورۂ مدثر، سورۂ مزمل، سورۂ علق، یا سورۂ ضحیٰ وغیرہ ان میں یا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو تسکین اور تسلی دی گئی تھی یا اس عظیم الشان کام کو انجام دینے کے لئے ضروری ہدایات دی گئی تھیں اور یا پھر ان میں "انذار" کی شان نمایاں تھی۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حوصلہ افزائی کے لئے قرآن مجید کی جو سورتیں اس زمانے میں اتریں اُن کے بارے میں ان شاء اللہ ایک مستقل عنوان کے تحت بات ہوگی۔ اس وقت ہم سورۂ علق کا ترجمہ پیش کر رہے ہیں جن سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ حضورؐ اور آپؐ کے ساتھی اس جاہلی معاشرے کے منتخب افراد کو گمراہی سے نکالنے اور راہِ ہدایت پر لانے کے لئے چونکانے اور بیدار کرنے کا کیا انداز اختیار کیا کرتے تھے۔

"پڑھ اپنے رب کے نام کے ساتھ جس نے پیدا کیا، جمے ہوئے خون سے انسان کی تخلیق کی، پڑھ اور تیرا سب سے محترم اور مہربان رب تو وہ ہے جس نے قلم کے ذریعہ علم سکھایا۔ انسان کو وہ علم دیا جو وہ نہ جانتا تھا!" — "ہرگز نہیں (جاہلیت

کا طریقہ اُس رب کا پسندیدہ طریقہ نہیں بلکہ) واقعہ یہ ہے کہ انسان (خود) سرکشی کرتا ہے، اس لئے کہ وہ اپنے آپ کو بے نیاز پاتا ہے (حالانکہ) واقعہ یہ ہے کہ تیرے رب ہی کی طرف پلٹنا ہوگا!"

"کیا تم نے دیکھا اس شخص کو جو ایک بندہ کو منع کرتا جب وہ (بندگی کے لئے) نماز پڑھتا ہے۔ (اے مخاطب) تیرا کیا خیال ہے، اگر یہ بندہ ہدایت پر ہوا یا وہ پرہیزگاری اختیار کرنے کا داعی ہوا (ہاں) تمہارا کیا خیال ہے (کہ پھر بھی) اگر یہ جھٹلائے اور منہ موڑ لے (تو اس شخص کا انجام کیا ہوگا!")

"کیا اسے یہ بات معلوم نہیں کہ اللہ (سب کچھ) دیکھ رہا ہے۔ ہرگز نہیں (اُس کی یہ شرارت جہالت کے باعث نہیں!) اگر وہ باز نہ آیا تو ہم اس کی پیشانی کے بال پکڑ کر کھینچیں گے (ہاں اسی) پیشانی (کے بالوں کو) جو جھوٹی اور گنہ گار ہے، وہ بلا لے اپنے حامیوں کے ٹولے کو، ہم بلائیں گے عذاب کے فرشتوں کو!"

"ہرگز نہیں (وہ بچ کر نہیں جا سکتا) تم اس کے پیچھے نہ چلو اور سجدہ ریز ہو کر اپنے رب کا قرب حاصل کرو!"

دیکھئے! اِن آیاتِ مبارکہ میں انسانوں کی سرکشی کے بنیادی سبب (یعنی بظاہر بے نیاز ہونا!) کو بیان کرنے کے بعد کس طرح ایسے مغرور اور متکبر انسان کی تصویر کشی کی گئی ہے۔ جو دوسرے بندوں کو بھی اپنے رب کی بندگی سے روکتا ہے اور نیکی اور تقویٰ کی دعوت سننے تک کا روادار نہیں ہے۔ پھر ایسے شخص کے انجام بد سے باخبر کرنے کے بعد اس سے دُور

Toobaa-elibrary.blogspot.com

رہنے اور اپنے رب سے قریب تر ہو جانے کی ہدایت کتنے مؤثر انداز میں دی گئی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب نے "انذار" کے اسی اسلوب کو ابتدائی برسوں میں اختیار کر رکھا تھا۔ اسی اسلوب سے متاثر ہو کر باصلاحیت، اور حوصلہ مند نوجوانوں نے اس دعوت کو قبول کیا تھا۔

اِنذار کے اوّلین مخاطب

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن مجید کی ہدایت کے مطابق تین سال تک انفرادی تعلق اور شخصی رابطے کے ذریعہ دعوت پہنچانے کا کام انجام دیا۔ اس زمانے میں حضورؐ کی دعوت پر "انذار" کا رنگ غالب تھا۔ اس دور کے اختتام سے قبل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا گیا۔

وَ اَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ۔ — تمہارے خاندان میں جو سب سے زیادہ قریب ہیں، ان کو آنے والے خطرے سے باخبر کرو۔

انذار میں صداقت کی کسوٹی

انبیاء علیہم السلام اور ان کے سچے پیروؤں اور اصلاح کے جھوٹے علم برداروں کے درمیان فرق کرنے والی جو بہت سی نشانیاں ہیں، اُن میں سے ایک بڑی نشانی یہ ہے کہ حضرات انبیاء اور ان کے طریقے پر چلنے والے بندگانِ خدا جس برائی سے منع کرتے ہیں اس سے خود دُور رہتے ہیں اور جو شخص ان کو جتنا زیادہ پیارا ہوتا ہے، اس کو بُرائی سے بچانے کے لئے فکرمند ہوتے ہیں۔ یہ نہیں کہ باہر تو برائی کے خلاف محاذ قائم ہو

Toobaa-elibrary.blogspot.com

اور نیکی کا پرچار کیا جا رہا ہو اور گھر کے قریب ترین لوگوں کو اُس بُرائی سے بچانے کی کوئی فکر ہی نہ ہو۔

انذار اقربین کی چند مثالیں

یہی وجہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی دعوت میں ابتداء ہی سے اپنے قریب ترین لوگوں پر زیادہ توجہ دے رہے تھے۔ لیکن اللہ تعالےٰ کی اس ہدایت کے بعد کہ "اپنے قریب ترین رشتہ داروں کو متنبہ کرو"۔ آپ نے خاص طور پر اپنے رشتہ داروں کی طرف توجہ دی۔ روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے اس سلسلہ میں اپنے قریب ترین رشتہ داروں کو مختلف دعوتوں میں بلایا۔ ایک دعوت میں آپ نے صرف عبدالمطلب کے گھرانے کے ۴۰ افراد کو مدعو کیا اور ان سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا:

یا بنی عبدالمطلب لو اخبرتکم ان فی سفح ھٰذا الجبل خیلا اکنتم مصدقی؟ قالوا نعم! قال فانی نذیر لکم بین یدی عذاب شدید۔"

"اے عبدالمطلب کے اہل خاندان! اگر میں تم سے یہ کہوں کہ اس پہاڑ کے دامن میں سواروں کا ایک دستہ (تمہاری گھات میں) ہے تو کیا تم میری تصدیق کرو گے؟ سب نے بالاتفاق جواب دیا "ضرور!"۔ تو آپ نے فرمایا کہ میں تم کو ایک شدید عذاب آنے سے قبل باخبر کرنا چاہتا ہوں!"۔

اسی طرح آپ نے ایک بار بالخصوص اپنے اہل خاندان کی دعوت کی اور کھانے کے بعد خطاب کرتے ہوئے فرمایا:

ان الرائد لا یکذب اھلہ، واللہ لو کذبت

الناس جمیعًا لما کذبتکم ولو غررت الناس جمیعًا لما غررتکم واللہ لتموتن کما تنامون ولتبعثن کما تستیقظون وتجزون بالاحسان احسانا وبالسوء سوءا وانھا للجنۃ ابدًا او النار ابدا۔ وانکم لاول من انذر بین یدی عذاب شدید۔

"(یقیناً قافلے کے لئے اگلی منزل کی بابت خبر لانے والا خود اپنے خاندان والوں کو کبھی جھوٹی رپورٹ نہیں دیتا۔ خدا کی قسم اگر میں سب دنیا والوں سے جھوٹ بولتا تب بھی تم سے تو جھوٹ نہ بولتا، اور اگر میں ساری دنیا کو دھوکا دیتا جب بھی تم کو تو دھوکا نہ دیتا۔ خدا کی قسم تم ایک دن مر جاؤ گے، جیسے سو جاتے ہو، پھر تم کو اٹھایا جائے گا، جیسے کہ تم جاگ جاتے ہو اور تم کو اچھے کاموں کا اچھا بدلہ اور بُرے کاموں کا بُرا بدلہ مل کر رہے گا۔ اور پھر یا ہمیشہ ہمیش کی جنت ہو گی اور یا ابدالآباد کے لئے جہنم۔ (یاد رکھو!) تم کو آنے والے شدید عذاب سے قبل سب سے پہلے باخبر کیا جا رہا ہے!")

ایک بار آپ نے کوہ صفا پر چڑھ کر قریش کے ایک ایک گھرانے کو نام لے لے کر پکارا اور اس طرح مکہ کا سب سے بڑا اجتماع طلب کر کے اُن کو آنے والے خوفناک لمحات سے آگاہ کیا۔

فریضۂ انذار کی ادائیگی کا اہتمام

قرآن مجید شہادت دیتا ہے کہ اس زمانے میں آپ اپنی قوم

Toobaa-elibrary.blogspot.com

اور اہل خاندان کے بارے میں انتہائی فکرمند تھے اور ان کو سیدھے راستے پر لانے کے لئے دن رات زبردست محنت اور مشقت کرتے تھے:

فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ؕ

"تو شاید آپ رنج کی وجہ سے اپنی جان اُن کے پیچھے دے دیں گے، اگر وہ اس حقیقت پر ایمان نہ لائے!"

خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مثال کے ذریعہ اپنے اضطراب کو واضح فرمایا ہے کہ تم پروانوں کی طرح آگ کے شعلوں میں گرنا چاہتے ہو اور میں تمہاری کمر پکڑ پکڑ کر اس آگ سے نکالنے کی کوشش کر رہا ہوں۔

علانیہ دعوت کی تیاری

انفرادی دعوت کے اس دور میں علانیہ دعوت کی تیاری کے لئے خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے ساتھ ایمان لانے والے اصحاب کو قیام اللیل کا حکم دیا گیا۔ تاکہ مناجاتِ شب کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سے تعلق مضبوط ہو۔ نفس کو ایمان و شعور کے تابع بنایا جائے اور قرآن مجید کے فہم و تدبر کیلئے اس کو رات کی خاموشیوں میں ترتیل کے ساتھ پڑھا جائے۔

چنانچہ سورۂ مزمل میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بلکہ آپ کے واسطے سے دراصل تمام داعیانِ حق کو کہا گیا ہے کہ وہ لوگ جو اس عظیم الشان دعوت کے علم بردار ہوں، اُن کے لئے چادر تان کر سو جانا کسی طرح روا نہیں ہے۔ ان کو تو شب بیداری کے آداب سیکھنا چاہئیں۔ اور رات کا بیشتر حصہ اپنے رب کے سامنے کھڑے ہو کر تلاوتِ آیات اور مناجات میں بسر کرنا چاہیئے، تاکہ وہ اس قولِ ثقیل یعنی اس عظیم ذمہ داری کے بوجھ

کو اٹھا سکیں۔ جو دعوتِ حق کی صورت میں اللہ تعالیٰ نے ان پر ڈالی ہے۔

قیام اللیل

رات کا اٹھنا نفس کو قابو میں لانے کا بہترین ذریعہ ہے، اور اُس وقت جو بات کی جائے وہ سیدھی دل میں اُترتی ہے۔ لہٰذا اس وقت قرآنِ حکیم کو ٹھہر ٹھہر کر ترتیل کے ساتھ پڑھنا چاہیئے تاکہ اُس کے معانی اور مطالب دل میں اُترتے چلے جائیں۔

پھر اس وقت اللہ کی رحمت بھی متوجہ ہوتی ہے۔ چنانچہ آدمی اپنے لئے یا خلق کی بھلائی کے لئے جو دُعائیں مانگتا ہے وہ مقبول ہوتی ہیں

ان ہدایات کے تحت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب نصف شب یا اُس سے کم و بیش قیام اللیل کی پابندی کرتے تھے، جس کی وجہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے ساتھیوں کے قدم بعض دفعہ متورم ہو جاتے تھے:

قیام اللیل کے اسی حکم پر عمل کرنے کے انداز کے بارے میں خود قرآن شہادت دیتا ہے کہ:

اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ؕ

یقیناً تمہارا رب جانتا ہے کہ تم رات کی دو تہائی یا اُس کا نصف یا اُس کی ایک تہائی (اپنے رب کے سامنے) کھڑے ہوتے ہو اور تمہارے ساتھیوں میں سے بھی ایک جماعت اس قیام میں تمہاری شریک ہے۔

Toobaa-elibrary.blogspot.com

دعوتِ حق کے ساتھ یہ قیام اللیل بے حد لازمی شے ہے۔ اس کی وجہ سے اللہ تعالےٰ سے تعلق مضبوط ہوتا ہے۔ لیڈری اور مشیخت جمانے کے بجائے تواضع اور شکرِ نعمت کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ اپنی طلاقتِ لسانی اور کوششوں پر اعتماد کرنے کے بجائے اللہ تعالےٰ کی نصرت اور تائید پر اعتماد بڑھتا ہے۔ بندہ رات کو دعا کرتا ہے، دن کو اس کی قبولیت کا مشاہدہ کرتا ہے۔ لذتِ آہ سحر گاہی سے آشنا ہوتا ہے، ندامت کے آنسوؤں سے گناہوں کے داغ ہوتا ہے، اور نام و نمود کی بجائے اصل مقصود یعنی رضائے الٰہی پر نگاہیں مرکوز کرنے میں مدد ملتی ہے۔ پس اہلِ دعوت کے لئے قیامُ اللیل وہ غذا ہے جس سے وہ کبھی بے نیاز نہیں ہو سکتے۔

تبلیغِ دین

(آداب اور شرائط)

مکہ معظمہ میں اللہ تعالےٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جو ذمہ داریاں سپرد کی تھیں ان میں سے سب سے اہم ذمہ داری تبلیغ دین کی ذمہ داری تھی۔ اس سلسلہ میں اللہ تعالےٰ کا ارشاد ہے۔

تبلیغ دین میں آنحضرتؐ کی سرگرمی

يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ ۖ وَإِنْ لَمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ ۚ

"اے نبیؐ! تمہارے رب کی طرف سے جو چیز تمہاری طرف اتاری گئی ہے اسے (لوگوں تک) پہنچا دو، اگر تم نے ایسا نہ کیا تو تم نے اس کا پیغام نہ پہنچایا۔"

آنحضرتؐ اس حکم کی تعمیل میں بیحد سرگرم تھے۔ آپ نے نبوت کے پہلے ۶ - ۷ برسوں میں مکہ کے ہر گھر تک اسلام کی دعوت پہنچا دی تھی۔ یہی نہیں بلکہ مکہ میں جو ممتاز شخص کسی بھی کام سے آتا آپ اس کے

Toobaa-elibrary.blogspot.com

پاس پہنچ کر اس کو دعوت دیتے - ابن ہشام کا بیان ہے -

وھو لا یسمع بقدم یقدم مکۃ من العرب لہ اسم و شرف الا تصدی لہ فدعاہ الی اللہ و عرض علیہ ما عندہ -

یعنی مکہ میں جب بھی آپ کو کسی ممتاز شخص کے آنے کی اطلاع ملتی آ
اس سے ضرور ملاقات کرتے اس کو اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دیتے او
آپ کے پاس جو پیغام تھا وہ اسکے سامنے پیش کرتے -

پھر حج کے موسم میں جو قبائل عرب حج کے لئے آتے آپ ان میں سے
ایک ایک کے پاس بالخصوص ان کے سرداروں کے پاس جاتے ان کے سا
اسلام کی دعوت پیش کرنے اور اسلام کی دعوت کو پھیلانے کے لئے ان سے
کہتے کہ تم اپنے قبیلے کو مرکز بنانے پر راضی ہو جاؤ -

تمام انبیاء کی دعوت کی طرح آپ کے اوّلین مخاطب بھی ہمیشہ
ممتاز اصحاب، سرداران قبیلہ اور سمجھدار افراد ہوتے تھے - فساد انگیز
تحریکوں کی طرح آپنے مقلد قسم کے عامۃ الناس کو بہلا پھسلا کر اپنے
پیچھے لگانے کی کبھی کوشش نہیں کی -

مکہ سے مایوس ہو کر آپ ایک بار طائف گئے جو اس زمانے میں عرب
کا دوسرا اہم شہر تھا وہاں بھی آپ نے صرف سرداران قبیلہ سے ملاقات کی
دعوت کے بارے میں آپ کی سرگرمی اور محنت کا اندازہ خود قرآن مجید
ہی سے ہو جاتا ہے اللہ تعالیٰ نے آپ کی حد سے بڑھی ہوئی سرگرمی کو دیکھ کر
متعدد بار فرمایا:

فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلَىٰ آثَارِهِمْ (اے نبیؐ) شاید آپ

آپ ان کے پیچھے اپنی جان دیدیں گے کبھی حضورؐ کو اطمینان دلانے کے لئے
ارشاد فرمایا -

لَيْسَ عَلَيْكَ هُدَاهُمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَهْدِي مَن يَشَاءُ -

(اے نبی) آپ پر یہ ذمہ داری نہیں ہے کہ آپ ان کو ضرور ہدایت پر لے آئیں - یہ تو اللہ ہے کہ وہ جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے -

مداہنت جائز نہیں

تبلیغ کے سلسلہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بلکہ درحقیقت آپ کے واسطے سے اہل ایمان
بار بار تاکید کی گئی کہ تم اپنی دعوت میں کوئی مداہنت، نرمی یا کمی بیشی ہرگز
نہ کرو - جو پیغام تم کو ملا ہے اس کو بے کم و کاست پہنچا دو - اور اس
سلسلہ میں کسی کے ناراض ہونے کی قطعاً پرواہ نہ کرو -

انسان نیک نیتی کے ساتھ بعض دفعہ یہ سوچتا ہے کہ اگر مخاطب کے
عقیدہ اور خیال پر میں نے کھل کر تنقید کر دی تو وہ متنفر ہو جائے گا - اور
میری بات سننے کا روادار ہی نہ ہوگا - اس لئے بات اس طرح کی جائے
کہ مخاطب متنفر نہ ہو بلکہ یہ سمجھے کہ میرے اور داعی کے خیالات میں کچھ زیادہ
فرق نہیں ہے -

اسلامی دعوت کے لئے یہ مداہنت اور یہ جھوٹی رواداری بہت بڑا
فتنہ ہے اسی لئے قرآن مجید نے اس کو اختیار کرنے سے سختی کے ساتھ منع
فرمایا ہے -

مثلاً سورۃ ہود میں ارشاد

فَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ وَمَن تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا

Toobaa-elibrary.blogspot.com

إِنَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ وَلَا تَرْكَنُوا إِلَى الَّذِينَ ظَلَمُوا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۔

پس جس طرح آپ کو حکم دیا گیا ہے اس پر جمے رہیئے اور جو لوگ آپ کے ساتھ اس طریقے کی طرف پلٹ کر آئے ہیں وہ بھی جمے رہیں اور حد سے ذرا آگے نہ بڑھو تم جو کچھ کر رہے ہو اللہ تعالیٰ اس سے باخبر ہے - اور مشرکین کی طرف ذرا نہ جھکو ورنہ (جہنم کی) آگ تم کو آلے گی ۔

ایک اور موقعہ پر فرمایا - وَدُّوا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُونَ ان مشرکین کی خواہش ہے کہ آپ ذرا مداہنت کریں تو وہ بھی مداہنت کریں -

ترمیم کا اختیار نہیں

ایک جگہ مشرکین کا یہ مطالبہ بیان کیا گیا ہے کہ :

ائْتِ بِقُرْآنٍ غَيْرِ هَٰذَا أَوْ بَدِّلْهُ

وہ کہتے ہیں اس قرآن کے بجائے کوئی دوسرا قرآن لاؤ یا اس میں (کچھ) ترمیم کر دو -

اس کے جواب میں کہا گیا :

قُلْ مَا يَكُونُ لِي أَنْ أُبَدِّلَهُ مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِي

کہدیجئے مجھے اس کا حق نہیں پہنچتا کہ میں اس کے اندر اپنی طرف کوئی تبدیلی کر دوں -

مصالحت روا نہیں

دعوت و تبلیغ میں آنحضرتؐ نے ان ہدایات پر سختی کے ساتھ عمل کیا اور مشرکین کی جانب سے آپ کو نرمی، مداہنت اور مصالحت کی جتنی بھی دعوتیں دی گئیں ان سب کو

آپ نے قطعاً ٹھکرا دیا -

بہت سارے واقعات میں سے یہ واقعہ خاص طور لائق توجہ ہے کہ جب جناب ابو طالب کا آخری وقت آیا تو قریش نے یہ سوچ کر محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا واحد سہارا ہی ابو طالب تھے اس لئے اُنکی موت سے محمدؐ بہت پریشان ہوں گے - اور یہ وہ نفسیاتی موقعہ ہے جب محمدؐ کو جھکا لینا مشکل نہ ہو گا -

چنانچہ قریش کے بڑے بڑے سردار ابو طالب کے پاس آئے اور کہا کہ یعنے آپ کا آخری وقت ہے آپ کو معلوم ہے کہ ہماری آپکے بھتیجے کے ساتھ سخت مخالفت چل رہی ہے - اس لئے بہتر ہو گا کہ آپ اُس کو بلوائیں اور اسکو مجبور کریں کہ وہ کچھ ہماری باتیں مان لے کچھ ہم اس کی باتیں مان لیں تاکہ وہ ہم سے باز رہے ہم اُس سے باز رہیں وہ ہم کو ہمارے دین پر چھوڑ دے اور ہم اس کو اس کے دین پر عمل کرنے کی آزادی دیدیں -

چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بلایا گیا - جناب ابو طالب نے قریش کے سرداروں کا مطالبہ آپ کے سامنے بیان کیا ، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا میں تو ان سے صرف ایک بات کا مطالبہ کرتا ہوں اور اگر وہ یہ بات مان لیں تو تمام عرب و عجم ان کے سامنے جھک جائے گا - ابو جہل نے کہا جی ہم تو آپ کی دس باتیں ماننے کو تیار ہیں - تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا کہ بس پھر لا الٰہ الا اللہ کا اقرار کر لو اور تمہارے باپ دادا جن بتوں کو پوجتے ہیں ان کو چھوڑ دو ، یہ سُن کر قریش کے سرداروں نے کہا کہ یہ شخص کسی طرح بھی سودے بازی پر راضی نہیں ہو سکتا - چلو واپس چلیں -

Toobaa-elibrary.blogspot.com

عالمی دعوت، قومی اور وقتی مسائل کی متحمل نہیں

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ابتدا ہی سے معلوم تھی کہ آپ کی دعوت تمام عالم کے لئے ہے۔ محض قریش کے لئے یا محض عرب کے لئے نہیں ہے۔ اور آپ جس پیغام کو لے کر آئے ہیں وہ کسی ایک قوم یا ملک یا زمانے کے لئے نہیں ہے بلکہ یہ ایک عالمی دعوت ہے، جو زمان و مکان کی قید سے نا آشنا ہے۔ خود اللہ تعالےٰ کا ارشاد ہے۔

تَبَارَكَ الَّذِي نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلَىٰ عَبْدِهِ لِيَكُونَ لِلْعَالَمِينَ نَذِيرًا۔

وہ ہستی بہت برکت والی ہے جس نے فرقان (قرآن) کو اپنے بندے پر نازل کیا ہے تاکہ وہ تمام قوموں اور جہانوں کے لئے ڈرانے والا بن جائے۔

اس وجہ سے آپ نے اپنی نگاہ کو ہمیشہ بلند رکھا اور مختلف مواقع پر اپنے خطبوں میں اس حقیقت کو واضح بھی کر دیا۔ ایک موقع پر ارشاد فرمایا:

وَاللّٰهِ اِنِّي رَسُولُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ خَاصَّةً وَاِلَى النَّاسِ كَافَّةً۔

خدا کی قسم میں اللہ کا رسول ہوں تمہاری طرف خاص طور پر اور تمام انسانوں کی طرف عام طور پر۔

چنانچہ مقامی جھگڑوں یا قومی اور قبائلی مسئلوں میں آپ نے الجھنا کبھی پسند نہ فرمایا کیونکہ دعوتِ اسلامی کے علمبردار کو ان امور سے بلند تر ہونا چاہیئے۔

حضورؐ نے عالمی دعوت کے تقاضوں کی تکمیل کے لئے صلح حدیبیہ اور فتح مکہ کے بعد تمام قبائل عرب، اور عرب کے متصل واقع تمام چھوٹی بڑی حکومتوں کے سربراہوں کو اسلام کی دعوت پہنچائی اور اس سلسلہ میں کئی سو خطوط لکھوائے۔

پھر سب سے آخر میں آپ نے میدان عرفات میں ایک لاکھ سے زائد مجمع کو خطاب کرتے ہوئے حجۃ الوداع کے موقع پر حاضرین سے دریافت کیا۔

الا ھل بلغت: سنو! کیا میں نے پہنچا دیا؟ تبلیغ کا فرض انجام دیدیا؟؟ اور جب سب نے بالاتفاق اثبات میں جواب دیا تو آپ نے آسمان کی طرف انگلی اٹھا کر اور پھر مجمع کی طرف اشارہ کرتے ہوئے تین بار فرمایا: اللّٰھم اشھد!!! اے اللہ تو گواہ رہیو!!! اس طرح تبلیغ کو جو ذمہ داری اللہ تعالےٰ نے آپ پر ڈالی تھی وہ آپ نے پوری کر دی۔

Toobaa-elibrary.blogspot.com

اہل ایمان کی تنظیم و تربیت

دعوت کو قبول کرنے اور رد کرنے والے

دعوت و تبلیغ کے فریضے کو ٹھیک ٹھیک اللہ تعالیٰ کی ہدایت کے مطابق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جس خوبی سے انجام دیا اس کے نتیجے میں معاشرہ کے صالح نوجوانوں میں سے ایک جماعت آگے بڑھی، یہ لوگ آنحضرتؐ پر ایمان لائے اور آپ کے متبع بن گئے۔

اسی طرح کچھ دوسرے لوگ اس دعوت کی مخالفت اور آنحضرتؐ کے ساتھ دشمنی کرنے پر تل گئے۔

ان دو انتہاؤں کے درمیان عام لوگ اس دعوت کی تائید یا مخالفت کے سلسلہ میں بے شمار مختلف درجات میں منقسم ہو گئے۔ کوئی ماننے والوں کے قریب تھا کوئی دور، اسی طرح کوئی دشمنی رکھنے والوں سے قریب تھا اور کوئی غیر جانبدار بن کر کشمکش کے نتیجہ کا منتظر تھا، کوئی غفلت اور جہالت میں مبتلا ہونے کے باعث دعوت سے بالکل ناواقف تھا۔

ان مختلف قسم کے گروہوں اور جماعتوں کے ساتھ مناسب طرز عمل اختیار کرنے کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو

ہدایات دیں اور آنحضرتؐ نے ان گروہوں میں سے ہر ایک کے ساتھ وحیٔ الٰہی کی روشنی میں معاملہ کیا۔

ایمان لانے والوں کے ساتھ معاملہ

ایمان لانے والوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جو ہدایات دی تھیں ان میں سے ایک ایک کو سامنے رکھیئے اور ان کی روشنی میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کا مطالعہ کرتے چلے جائیے،

شفقت و رحمت

نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہدایت دی گئی تھی: "وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ" ایمان لانے والوں کے لئے اپنے بازوؤں کو جھکا دو!

دوسری جگہ ارشاد ہے:

"وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ"

ایمان لانے والوں میں سے جن لوگوں نے آپ کی پیروی کی ہے ان کے لئے اپنے بازوؤں کو جھکا دو۔

ان ہدایات کا مطلب یہ تھا کہ ایمان لانے والے لوگ معاشرے میں جب ہر طرف سے ٹھکرائے اور ستائے جا رہے ہیں تو اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے آغوش شفقت میں ان کو پناہ ملنی چاہیئے۔ تاکہ وہ آپ کی رحمت و شفقت اور آپ کی غمگساری اور دلداری سے وہ قوت حاصل کر سکیں جو اس مخالفانہ ماحول سے مقابلہ کے لئے درکار تھی۔

آنحضرتؐ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس ہدایت پر سختی کے ساتھ عمل کیا، ایک ایک ایمان لانے والے کے ساتھ آپکا انفرادی رابطہ قائم تھا،

Toobaa-elibrary.blogspot.com

ہر مصیبت اور ہر تکلیف میں آپؐ ان کی دلداری کرنے کے لئے خود ہر ایک کے پاس پہنچتے تھے اس کے علاوہ آپؐ نے حضرت ارقم ابن ابی ارقم کے گھر کو اپنا مستقل مرکز بنالیا تھا جہاں پر ایمان لانے والے لوگ ہمہ وقت آپ کے پاس موجود رہتے تھے، کچھ لوگ اگر ضرورتاً باہر جاتے تو کچھ دوسرے لوگ اپنے اپنے کام کرکے واپس آجاتے تھے۔

اساسِ تنظیم ۔ شفقت و رحمت

آنحضرتؐ کی اس شفقت اور رحمت، نصب العین کی وحدت اور اہلِ جاہلیت کے ساتھ کشمکش کی وجہ سے یہ ایمان لانے والے لوگ فطری طور پر ایک مضبوط تنظیم کی شکل اختیار کرتے چلے گئے جس میں آنحضرتؐ کی ذات گرامی کو مرکزیت کا مقام حاصل تھا۔

چنانچہ قرآن مجید خود شہادت دیتا ہے:

"فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوا مِنْ حَوْلِكَ"

پس اللہ کی رحمت ہی کی وجہ سے آپ ان کے لئے نرم خو بن گئے، اور اگر آپ بدمزاج اور سخت دل ہوتے تو یہ لوگ آپ کے پاس سے منتشر ہو جاتے۔

تعلیم کتاب و حکمت اور تزکیہ

اہل ایمان کی فطری تنظیم کے بارے میں آنحضرتؐ کو دوسری ہدایت یہ تھی کہ آپ ان کے ایمان کو مستحکم کریں۔ ان کا تزکیہ کریں اور ان کو کتاب و حکمت کی تعلیم دیں چنانچہ اللہ تعالےٰ نے اس ہدایت کو خبر دینے کے انداز میں یوں بیان فرمایا ہے:

هُوَ الَّذِي بَعَثَ فِي الْأُمِّيِّينَ رَسُولًا مِّنْهُمْ يَتْلُوا عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ۔

وہی ہے جس نے امیین میں ایک رسول انہی میں سے بھیجا جو ان کو اس کی آیات سناتا ہے ان کا تزکیہ کرتا ہے اور ان کو کتاب اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے۔

آیاتِ الٰہی کی اقسام

اللہ تعالےٰ کی آیات کی دو قسمیں ہیں ایک وہ آیات ہیں جو کتاب الٰہی کا جزو ہیں، دوسری وہ آیات ہیں جو آفاق کائنات اور نفس انسانی میں جلوہ گر ہونے کے باعث کتاب فطرت کا جزو ہیں۔

یہ دونوں قسم کی آیات ایمان باللہ اور ایمان بالآخرت کے استحکام کا ذریعہ ہیں۔

قرآن مجید نے کتاب الٰہی کی آیات کے بارے میں ارشاد فرمایا ہے:

"وَإِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ آيَاتُهُ زَادَتْهُمْ إِيمَانًا"

"اور جب ان کو ہماری آیات پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو وہ آیات ان کے ایمان میں اضافہ کر دیتی ہیں۔"

اسی طرح آفاق اور انفس کی آیات کے بارے میں ارشاد ہے:

"سَنُرِيهِمْ آيَاتِنَا فِي الْآفَاقِ وَفِي أَنْفُسِهِمْ حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُ الْحَقُّ"

ہم ان کو اپنی آیات آفاق کائنات میں اور خود ان کے نفوس کے اندر دکھائیں گے۔ یہاں تک کہ ان کے لئے یہ بات کھل جائے گی کہ وہی

Toobaa-elibrary.blogspot.com

حق ہے لیکن آفاق اور انفس کی آیات اسی وقت ایمان میں اضافے کا موجب بنتی ہیں جب ان کو کتابِ الٰہی کی آیات کی روشنی میں دیکھا جائے،

منبع ایمان - قرآن کے ساتھ شغف

نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایمان کی تقویت اور استحکام کے لئے کتاب اللہ کی آیات اہل ایمان کو پڑھ کر سناتے تھے وہ ان کو آنحضرتؐ سے یاد کر کے دوسروں تک پہنچاتے تھے اپنی نمازوں میں انکو دھراتے تھے اور ان کو بکثرت پڑھ کر حلاوت ایمان کا مزا لیتے تھے، راتوں کی تنہائیوں میں نماز تہجد کے اندر انکی تلاوت کر کے اپنے قلب و رُوح کو ایمان کی روشنی سے منور کرتے تھے اور جیسا کہ اس سے پہلے بھی ذکر آچکا ہے کہ آنحضرت اور اہل ایمان میں تلاوت آیات کا یہ شغف اتنا زیادہ بڑھ گیا تھا کہ خود اللہ تعالیٰ نے اس میں قدرے تخفیف کی ہدایت فرمائی:

"اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ
الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ؕ
وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ
فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ"

"یقیناً آپ کا رب جانتا ہے کہ آپ رات کے دو تہائی اور اس کا نصف اور اس کا ایک تہائی قیام کرتے ہیں اور مومنوں میں ایک گروہ جو آپ کے ساتھ ہے وہ بھی (قیام کرتے ہیں) حالانکہ اللہ تعالیٰ نے رات اور دن کا ایک اندازہ مقرر فرما دیا ہے اس کو معلوم ہے کہ تم اس عمل کو قائم نہ رکھ سکو گے

پس اس نے تم پر نظر رحمت فرمائی تو اب تم قرآن میں سے اتنا پڑھو جتنا بآسانی پڑھ سکتے ہو۔

تزکیہ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا دوسرا کام یہ تھا کہ آپ اہلِ ایمان کا تزکیہ فرمائیں یعنی عقائد و افکار اور اعمال اور اخلاق میں سے جاہلیت کی باتوں کو چن چن کر خارج کریں اور ان کی جگہ اسلامی تعلیمات اور اسلامی اعمال و اخلاق کو جاری فرمائیں اس سلسلہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ہدایت کی گئی تھی:

"وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ
وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ
تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا"

"اور اپنے آپ کو ان لوگوں کے ساتھ روکے رکھو جو صبح و شام اپنے رب کو راضی کرنے کے لئے اس کو پکارتے ہیں اور دنیا کی زینت کی طلب میں اپنی نگاہوں کو دوسروں پر نہ ڈالو"

مطلب یہ ہے کہ ایمان لانے والوں کی تربیت کو مقدم رکھو اور دعوت کو پھیلانے سے زیادہ جن لوگوں کے دلوں میں دعوت کے بیج نے جڑ پکڑ لی ہے ان کی آبیاری اور نشوونما کو مقدم رکھو، اسی ہدایت کے تحت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا گیا کہ ایمان لے آنے والا ایک غریب نابینا قریش کے متکبرین سے زیادہ آپکی توجہ کا مستحق ہے، کیونکہ:

"وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ" "آپکو کیا خبر شاید وہ تزکیہ حاصل

Toobaa-elibrary.blogspot.com

يَّزَّكّٰى اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰى "

کرلے یا اسے نصیحت حاصل ہو جائے تو اس کو نصیحت کرنا فائدہ مند ثابت ہو۔"

شرک اور اہل شرک سے اجتناب

تزکیہ ہی کے سلسلہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ہدایت دی گئی:

وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ -

اور تم شرک کرنے والوں کی طرف نہ جھکو (نہ عقائد میں نہ اعمال میں) ورنہ تم کو آگ (جہنم) آلے گی۔

اس ہدایت کے تحت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے ساتھ ایمان لانے والے شرک اور مظاہر شرک سے مکمل طور اجتناب کرتے تھے اور کسی ایسی چیز کو قطعاً گوارا نہ کرتے تھے جس میں شرک کا شائبہ بھی پایا جاتا ہو۔

صبر اور ضبط نفس

اسی تربیت اور تزکیہ کا ایک جزو یہ تھا کہ دعوت پہنچانے میں تو کوئی مداہنت نہ کرو۔ لیکن اگر تشدد کیا جائے تو صبر سے کام لو اور تشدد برداشت کرنے کی قوت نماز اور تعلق باللہ سے حاصل کرو۔

"كُفُّوْٓا اَيْدِيَكُمْ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ"

"اپنے ہاتھ روکے رکھو اور نماز کو تمام آداب و شرائط کیساتھ قائم کرو۔"

یہی نہیں بلکہ حکم یہ تھا کہ جس مرحلے کے لئے جو ہدایات دی جاتی ہیں ان پر سختی سے عمل کرو اور آگے کے مرحلے کی بات نہ کرو۔

"فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ"

"پس تم راستی کے ساتھ جمے رہو جیسا کہ تم کو حکم دیا گیا ہے اور جو لوگ تمہارے ساتھ اپنے (رب کی طرف) رجوع ہوئے ہیں (وہ بھی جمے رہیں) اور حد سے آگے نہ بڑھو جو کچھ تم کرتے ہو بیشک وہ اس کو دیکھ رہا ہے"

جاہلیت کے اس معاشرے میں جہاں اینٹ کا جواب پتھر سے دینا مردانگی کا نشان تھا وہاں صبر و درگزر کے ان احکام پر عمل کرنا آسان نہ تھا لیکن دعوت اسلامی کا یہ مرحلہ اسی صبر اور ضبط کا طالب تھا چنانچہ ابوبکر صدیقؓ، علی مرتضیٰؓ، عمر فاروقؓ اور حضرت حمزہؓ جیسے صاحب غیرت و شہامت صحابہ نے یہ مرحلہ نہایت صبر کے ساتھ گزار دیا رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

اس تزکیہ کے ساتھ صحابہ کرامؓ میں سے ہر شخص کو اسکی استعداد کے مطابق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کتاب اور حکمت کی تعلیم بھی دیتے تھے اس طرح ان کے اندر فہم کتاب اور تفقہ فی الدین کی وہ صلاحیتیں نشوونما پا رہی تھیں جن کے ذریعہ عرب کے ان بادیہ نشینوں نے کسریٰ اور قیصر کی متمدن سلطنتوں کے کھنڈر پر اسلامی ریاست کی عالیشان اور عدیم المثال تعمیر کی نقشہ گری کی۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

Toobaa-elibrary.blogspot.com

داعی اور اس کے معاندین

معاندین کا منفی اتحاد

تبلیغ و دعوت کے نتیجہ میں ایمان لانے والوں کی جماعت کے ساتھ ساتھ مخالفت کرنے والوں کا بھی ایک جتھا بنتا چلا گیا - یہ لوگ اگرچہ اہل ایمان کی طرح ایک جماعت کی صورت میں ابتداءً منظم و متحد تو نہ تھے لیکن اسلام دشمنی کے باعث اور جاہلیت سے محبت کی وجہ سے جاہلی قبائلی نظام کے تحت رفتہ رفتہ وہ بھی اسلام کی دعوت کو مٹانے کے لئے منظم اور متحد ہوتے چلے گئے -

ان مخالفین اور معاندین کے ساتھ کس طرح کا معاملہ کیا جائے؟ اس سوال کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کو واضح ہدایات دیں اور اللہ کے رسول نے ان ہدایات پر پورے طور پر عمل کیا۔

مداہنت سے اجتناب کے فائدے

ان ہدایات میں سے پہلی ہدایت یہ تھی کہ مخالفت کے ڈر سے دعوتِ اسلامی کو پیش کرنے میں اور اس کے تقاضوں کو واضح کرنے میں ذرا بھی مداہنت نہ برتی جائے اس ہدایت پر عمل درآمد کی تفصیل کو فریضۂ دعوت و تبلیغ کی ادائیگی کی کیفیت بیان کرتے ہوئے واضح کیا جا چکا ہے۔

دعوت کو بلا مداہنت اور صاف صاف پیش کرنے کی وجہ سے ایک طرف دعوت کے تمام بنیادی پہلو نکھر کر سامنے آتے چلے گئے، دوسری طرف مخالفین کی مخالفت میں شدت پیدا ہوتی چلی گئی اس مخالفت کا نتیجہ یہ نکلا کہ ایمان لانے والوں کے خلوص کی آزمائش اور عزم و ارادے کو پختہ تر کرنے کے لئے قدرتی حالات پیدا ہوتے چلے گئے -

ضبط نفس اور صبر کی حکمتیں

دوسری ہدایت یہ تھی کہ ایمان لانے والے گالی کا جواب تشدد سے نہ دیں بلکہ صبر سے کام لیں اور اپنی زبان اور اپنے ہاتھ کو روکے رکھیں -

چنانچہ ارشاد ہے :

"وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ"

"یہ لوگ اللہ کو چھوڑ کر جن کو پکارتے ہیں انکو گالیاں نہ دو"

اسی طرح ارشاد ہے :

"كُفُّوْا اَيْدِيَكُمْ وَ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ" — "اپنے ہاتھ روکے رکھو اور نماز کو تمام آداب و شرائط کے ساتھ قائم کرو"

یہ ہدایت اس پس منظر کو بیان کرتے ہوئے دی گئی کہ تم سے پہلے جو لوگ دعوت اسلامی کے علمبردار تھے وہ تشدد کا مقابلہ کرنے کیلئے قوت کے استعمال کی اجازت کے لئے جلدی کیا کرتے تھے - لیکن جب ان کو ہتھیار سنبھالنے کا حکم دیا گیا تو وہ کہنے لگے کہ ابھی تو ہم پوری طرح تیار تھے قتال کی فرضیت ابھی اور مؤخر کی جاتی تو بہتر ہوتا -

اس طرح مکہ کے مظلوم لیکن بہادر اور پرعزم اہل ایمان کو بتایا گیا کہ

Toobaa-elibrary.blogspot.com

تمہاری انفرادی شجاعت اور غیرت مسلّم لیکن جماعتی حالات جب تک سازگار نہ ہوں اس وقت تک تشدّد کا جواب دینے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔

اللہ تعالیٰ نے خود نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم کو خطاب کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

"فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ أُولُو الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَهُمْ"

"پس تم صبر کرو جس طرح (تم سے قبل) صاحب عزم رسول صبر کرتے چلے آئے ہیں اور ان کے لئے جلدی نہ کرو۔"

اس ہدایت پر سختی کے ساتھ عمل کرنے سے پہلا فائدہ تو یہ ہوا کہ باطل کے ساتھ مسلح تصادم قبل از وقت شروع کرانے کی سازش کامیاب نہ ہوسکی کیونکہ کفار میں سے معاندین کی خواہش یہ تھی کہ مسلمانوں کو کسی نہ کسی طرح جارح ثابت کردیا جائے تاکہ ان کو یکبارگی تشدّد کے ذریعہ ختم کردینے کا بہانہ ہاتھ آجائے لیکن مسلمانوں نے اللہ تعالیٰ کی ہدایت کے مطابق جب طاقت کا استعمال نہیں کیا تو ان کے خلاف ہتھیار اٹھاتے میں کفارِ قریش کو یہ اندیشہ مانع رہا کہ مقتول مسلمانوں کے اہل قبیلہ کافر بھی کہیں انکی حمایت میں کھڑے نہ ہوجائیں، کفر و اسلام کا لحاظ کیئے بغیر کہیں قبائلی جنگ کا آغاز نہ ہوجائے۔

اس ہدایت پر عمل کرنے کا دوسرا فائدہ یہ ہوا کہ مسلمانوں نے سخت ناگوار حالات میں بھی نظم جماعت کی پابندی کرنے کی تربیت حاصل کی۔ تیسرا فائدہ یہ ہوا کہ مسلمانوں کے اندر کفر کے خلاف نبرد آزما ہونے کا داعیہ قوی

سے قوی تر ہوتا چلا گیا۔ چنانچہ جب ان کو ہتھیار اٹھانے کا حکم دیا گیا تو اس وقت ان میں سے ہر شخص نے یہ سمجھا کہ یہ حکم کہیں باہر سے نہیں آیا ہے بلکہ ان کے اپنے داخلی مطالبے کی تکمیل ہے۔

چوتھا فائدہ یہ ہوا کہ معاشرہ کے اندر جن لوگوں کے ضمیر میں ذرا سی بھی انسانیت کی رمق موجود تھی وہ ان مظلوموں کی حالت دیکھ کر آہستہ آہستہ دعوت اسلامی کی طرف کھنچتے چلے گئے۔ ظلم و ستم سہنے کے اسباب کا کھوج لگاتے لگاتے وہ دعوتِ اسلامی کی حقانیت کے قائل ہوگئے۔ چنانچہ اس طرح معاشرہ کے صالح افراد چھنٹ چھنٹ کر اہل ایمان کی جماعت میں شامل ہوتے چلے گئے۔

معاشرتی روابط قائم رکھو

مخالفین اور معاندین سے مقابلہ کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے تیسری ہدایت یہ فرمائی کہ گھر کے بڑے بوڑھوں کے ساتھ نوجوان اہل ایمان احسان اور اطاعت کا طرزِ عمل اختیار کریں، لیکن شرک میں یا اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں ہرگز ہرگز انکی بات نہ مانیں۔

"وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا" "ہم نے انسان کو ہدایت کی ہے کہ وہ والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرے"

پھر سورہ لقمان میں اسی جیسی ہدایت کے بعد ارشاد ہے:

"وَإِنْ جَاهَدَاكَ عَلَىٰ أَنْ تُشْرِكَ بِي مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوفًا"

"لیکن اگر وہ تجھ سے اس بات پر اصرار کریں کہ تو میرے ساتھ کسی کو شریک کر جس کے بارے میں تجھے علم نہیں پس تو ان کی اطاعت نہ کر البتہ

Toobaa-elibrary.blogspot.com

دنیا میں ان کے ساتھ بھلے طریقے رہتا رہ"۔

معاشی روابط قائم رکھنے کی حکمتیں

اس ہدایت میں حکمت یہ تھی کہ ابھی تک معاشرے میں سے صالح افراد کو چھانٹنے کا عمل چونکہ جاری ہے لہذا اگر ایسے وقت میں اہل ایمان قطع تعلق کا طریقہ اختیار کرلیں گے تو دعوت کے پھیلنے کا کام رک جائے گا اور کفار پر اتمام حجت نہ ہوسکے گی۔

اس ہدایت سے ایک زبردست فائدہ یہ بھی ہوا کہ اہل ایمان کو ذاتی انتقام لینے کے جذبے سے بچنے کی تربیت ملی وہ ان لوگوں کے ساتھ بھی اچھا سلوک کرتے رہے جو ان پر ظلم وستم کے پہاڑ توڑ رہے تھے۔

غالباً انہیں حالات میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا:

"امرنی ربی بتسع اوصیکم بها خشیة الله فی السر والعلانیة وکلمة العدل فی الغضب والرضا والقصد فی الفقر والغنا وان اصل من قطعنی واعطی من حرمنی واعفو عمن ظلمنی وان یکون صمتی فکرا ونطقی ذکرا ونظری عبرا۔

"میرے رب نے مجھے نو باتوں کا حکم دیا جن میں تم کو وصیت کرتا ہوں۔ باطن اور ظاہر میں اللہ سے ڈرنا، ناخوشی اور خوشی میں انصاف کی بات کہنا، غریبی اور امیری میں میانہ روی اختیار کرنا، اور یہ کہ میں اس سے جڑوں جو مجھ سے کٹے اور اس کو دوں جو مجھ کو محروم رکھے اور اس کو معاف کردوں جو مجھ پر ظلم کرے

اور یہ کہ میری خاموشی تفکر ہو میرا بولنا تذکر ہو اور میری نگاہ نگاہ عبرت ہو۔"

کج بحثی سے اجتناب

مخالفین اور معاندین سے مقابلہ کرنے کے لئے چوتھی ہدایت یہ دی گئی کہ ان کے ساتھ کج بحثی میں نہ الجھو ہاں اگر کوئی معقول شبہہ یا اعتراض ہو تو اس کا جواب دیدو لیکن جب مخاطب جہالت اور ضد پر اتر آئیں تو سلامتی کی بات کہہ کر ان سے جدا ہو جاؤ۔

"وَاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجَاهِلُوْنَ قَالُوْا سَلَامًا" اور جب نادان لوگ (اپنی نادانی کے ساتھ) ان سے مخاطب ہوتے ہیں تو وہ سلامتی کی بات کہتے ہیں۔

اس کی بہترین مثال وہ ہے واقعہ جس کا ذکر سورۂ بنی اسرائیل میں ہے کہ کفار نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ ہم تو جب ایمان لائیں گے۔ جب آپ زمین سے کوئی چشمہ جاری کر دکھائیں یا آپ کے پاس کھجور اور انگور کے باغ ہوں، آپ کا مکان سونے کا بن جائے یا آپ آسمان چڑھ جائیں وغیرہ وغیرہ ان سب کے جواب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد یہ تھا۔

"هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا" "میں تو محض ایک بشر رسول ہوں"

کج بحثی کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ مخاطب کے اندر ہٹ دھرمی پیدا ہو جاتی ہے پھر وہ معقول سے معقول بات بھی ماننے کے لئے تیار نہیں ہوتا اسی لئے حکم دیا گیا ہے کہ:

Toobaa-elibrary.blogspot.com

"اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَۃِ وَالْمَوْعِظَۃِ الْحَسَنَۃِ وَ جَادِلْھُمْ بِالَّتِیْ ھِیَ اَحْسَنُ"

"اپنے رب کے راستے کی طرف حکمت اور اچھی نصیحت کے ذریعہ بلاؤ اور ان سے ایسے طریقہ پر بحث کرو جو بہتر سے بہتر ہو"

اس ہدایت پر بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام رضؓ نے سختی کے ساتھ عمل کیا اور اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ دعوت اسلامی غیر ضروری بحثوں میں اُلجھنے سے محفوظ رہی اور مفت کی دشمنیاں بھی نہ بڑھیں۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین ۔

مقاومت کے طریقے

تین سال تک خفیہ دعوت اور دو سال تک علانیہ دعوت کے مرحلوں سے گذر کر نبوت کے پانچویں سال اسلامی دعوت تیسرے مرحلے میں داخل ہو گئی تھی اس مرحلے میں مسلمانوں پر بالعموم اور ان میں سے ضعفاء پر بالخصوص کفار قریش نے ظلم وستم کے پہاڑ توڑنا شروع کر دیتے تھے، جب یہ مظالم بہت سے مسلمانوں کی قوت برداشت سے گذر گئے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے گرد و پیش کا جائزہ لیکر مسلمانوں کو حبشہ کی طرف ہجرت کر جانے کا مشورہ دیا۔

ہجرتِ حبشہ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ مشورہ سورۂ عنکبوت کی اس آیت کی روشنی میں دیا تھا:

"یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اِنَّ اَرْضِیْ وَاسِعَۃٌ فَاِیَّایَ فَاعْبُدُوْنِ"	"اے میرے بندو جو ایمان لائے ہو! میری زمین کشادہ ہے تو تم صرف میری عبادت کرو۔"

مطلب یہ تھا کہ اگر مکہ کی سرزمین تمہارے لئے تنگ کر دی گئی ہے تو کیا ہوا دُنیا کے کسی اور خطے کی طرف ہجرت کر جاؤ جہاں تم کو اللہ کی

Toobaa-elibrary.blogspot.com

بندگی بجا لانے کی آزادی حاصل ہو۔

اس آیت کے بعد والی آیتوں میں واضح کیا گیا ہے کہ موت سے نہ ڈرو وہ اپنے وقت پر آئے گی اور نہ رزق کی فکر کرو کیونکہ جو اللہ تعالیٰ دوسرے جانداروں کو رزق پہنچا رہا ہے وہی تم کو بھی رزق فراہم کریگا۔

مسیحیوں کو دعوت پہنچانے کا طریقہ

چونکہ حبشہ میں ایک ایسی عیسائی حکومت قائم تھی جس میں مذہبی طبقہ کو بہت اثر و رسوخ حاصل تھا اور مسلمانوں کو ہجرت کر کے وہاں جانا تھا اس لئے اسی سورۂ عنکبوت میں پہلی مرتبہ مسلمانوں کو مفصل طور پر بتایا گیا کہ اہل کتاب کو تم اسلام کی دعوت کس طرح پہنچاؤ:

"وَلَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ	"اور اہل کتاب سے بحث نہ
الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِيْ	کرو مگر اچھے طریقے پر ہاں
هِيَ اَحْسَنُ اِلَّا	ان میں سے جو ظالم ہیں،
الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	(انکی بات دوسری ہے)
مِنْهُمْ وَقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا	اور کہو کہ ہم ایمان لائے اس
بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْنَا	چیز پر جو ہماری طرف نازل
وَاُنْزِلَ اِلَيْكُمْ وَ	کی گئی اور جو تمہاری طرف
اِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ	نازل کی گئی ہمارا معبود اور
وَاحِدٌ"	تمہارا معبود ایک ہی ہے"

اسی زمانہ میں اللہ تعالیٰ نے سورۂ مریم نازل فرمائی جس میں حضرت عیسیٰؑ کے بارے میں تاریخی پس منظر کی وضاحت کے ساتھ اسلامی عقیدے

کو مفصل طور پر بیان کیا گیا ہے اور نہایت دلنشین طور پر بتایا گیا ہے کہ سیدنا مسیح علیہ السلام کا اصل مرتبہ کیا ہے؟

یہ سورت گویا مہاجرین حبشہ کے لئے زادِ راہ اور توشۂ سفر کی حیثیت میں ان کے ساتھ کر دی گئی تھی۔

حبشہ کی طرف جو لوگ ہجرت کر کے گئے ان کی مجموعی تعداد ۱۰۱ تک پہنچ گئی جب کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مکہ میں رہ جانے والے مسلمانوں کی تعداد صرف چالیس کے لگ بھگ رہ گئی تھی۔

ہجرت حبشہ کا ردعمل

اس ہجرت کے باعث مکے کے گھر گھر میں صف ماتم بچھ گئی تھی کیونکہ ہر گھر کا کوئی نہ کوئی نوجوان مکہ چھوڑ کر حبشہ کی طرف چلا گیا تھا کسی کا بیٹا، کسی کی بیٹی، کسی کا بھائی اور کسی کا داماد خاندان سے کٹ کر دور جا بسا تھا۔

قریش نے ان مہاجرین کو واپس لانے کے لاکھ جتن کئے بادشاہِ حبشہ کے پاس اپنی سفارت، بڑے بڑے تحفے تحائف کے ساتھ بھیجی لیکن ناکامی کے سوا کچھ ہاتھ نہ آیا۔

ان حالات کی وجہ سے کفار کا غیظ و غضب بہت زیادہ بڑھ گیا تھا وہ اپنی ساری بدبختی کا ذمہ دار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو سمجھتے تھے اس لئے اب وہ آپ کا مذاق اڑانے اور بے تکے اعتراضات کرنے سے آگے بڑھ کر برا بھلا کہنے بددعائیں دینے اور نعوذ باللہ آپ کو قتل کرنے کی سازشیں بھی سوچنے لگے تھے۔

الزامات اور اعتراضات کا طوفان

لیکن آپ کی ذاتی وجاہت، خاندان ہاشم کی سیاسی

Toobaa-elibrary.blogspot.com

قوت اور سب سے بڑھ کر خود اللہ تعالےٰ کی حفاظت کے باعث ان کو یہ جرأت تو نہ ہو سکی کہ وہ آنحضرتؐ کو اس طرح اپنے ظلم و ستم کا نشانہ بنائیں جس طرح وہ دیگر مسلمانوں پر تشدد کیا کرتے تھے لیکن وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر الٹے سیدھے اعتراضات کرتے بے سروپا الزامات لگاتے آپکو اپنی بدزبانی اور طعن و تشنیع کا نشانہ بناتے نیز دھمکیوں اور بدکلامی سے آپ کی حوصلہ شکنی کرنے کی کوشش کرتے تھے۔

ان حالات میں ان کا سب سے زوردار سوال یا اعتراض یہ ہوتا تھا کہ اگر آپ سچے رسول ہیں تو ہمارے جھٹلانے کی وجہ سے ہم پر وہ عذاب کیوں نہیں آجاتا آپ جس سے ہم کو ڈراتے رہتے ہیں:

"وَقَالُوا رَبَّنَا عَجِّلْ لَنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ"

"اور وہ کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب ہمارے حصے کی شامت قیامت سے پہلے ہی ہم پر آجائے"

ایک اور موقعہ پر کہا:

"أَوْ تُسْقِطَ السَّمَاءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا أَوْ تَأْتِيَ بِاللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ قَبِيلًا"

"آپ اپنے دعویٰ کیمطابق آسمان کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے ہم پر کیوں نہیں ڈھا دیتے یا آپ اللہ تعالےٰ اور فرشتوں کو کیوں سامنے نہیں لے آتے"

اس اعتراض کے جواب میں اللہ تعالےٰ نے پہلی بات تو اصولی طور پر یہ واضح فرمائی:

"وَلِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ فَإِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ"

"ہر امت کے لئے ایک مدت مقرر ہے تو جب ان کی مدت آجائے گی (یعنی سنبھلنے کی مہلت ختم ہو جائے گی) تو یہ ایک گھڑی آگے بڑھ سکیں گے اور نہ پیچھے ہٹ سکیں گے"

پھر اس مہلت کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا کہ جب تک اللہؐ کا رسولؐ کسی قوم کی اصلاح کی کوشش کرتا رہتا ہے اور ان کے اندر موجود رہتا ہے۔ اس وقت تک اللہ تعالےٰ اس قوم کو اپنے عذاب سے ہلاک نہیں کرتا۔

"وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيهِمْ"

"اور اللہ تعالےٰ کی شان سے یہ بات بعید ہے کہ وہ انکو عذاب دے جبکہ اے نبیؐ! تم ان کے اندر موجود ہو۔"

صبر و ثبات

ان اصولی وضاحتوں کے علاوہ خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مختلف طریقوں سے صبر اور ثبات کی ہدایت فرمائی گئی۔

مثلاً ارشاد ہوا:

"وَاصْبِرْ عَلَىٰ مَا يَقُولُونَ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوُودَ ذَا الْأَيْدِ إِنَّهُ أَوَّابٌ"

"اے نبی! صبر کرو ان باتوں پر جو یہ بناتے ہیں اور یاد کرو ہمارے بندے داؤد کو جو بڑی قوتوں والا تھا بیشک وہ اللہ کی طرف ہی رجوع کرنے والا تھا"

Toobaa-elibrary.blogspot.com

دوسری جگہ ارشاد ہے:

"فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ"

"پس اے نبی! صبر کرو بیشک اللہ کا وعدہ حق ہے اب خواہ ہم تمہارے سامنے ہی ان کو ان بُرے نتائج کا کوئی حصہ دکھا دیں جس سے ہم ان کو ڈرا رہے ہیں یا (اس سے پہلے) تمہیں دُنیا سے اٹھا لیں ان کو تو بہر حال ہماری ہی طرف پلٹ کر آنا ہے"

سُورۂ احقاف میں فرمایا:

"پس اے نبی صبر کرو جس طرح صاحب عزیمت پیغمبروں نے صبر کیا اور ان کے معاملے میں جلدی نہ کرو جس روز یہ لوگ اس عذاب کو دیکھ لیں گے جس کا ان خوف دلایا جا رہا ہے تو ان کو یوں معلوم ہوگا کہ جیسے دنیا میں دن کی ایک گھڑی سے زیادہ وہ نہیں رہے"

اسی طرح آپکو تسلی دینے کے لئے اللہ تعالےٰ نے فرمایا:

"قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ الَّذِيْ يَقُوْلُوْنَ فَاِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ"

"ہم کو معلوم ہے کہ آپ کو اُس بات سے غم ہوتا ہے جو یہ کہتے ہیں لیکن یہ ظالم آپکو نہیں جھٹلاتے ہیں بلکہ اللہ تعالےٰ کی آیات کا انکار کرتے ہیں"

چنانچہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انتہائی مایوس کن حالات میں اور سخت اشتعال انگیزی کے باوجود انتہائی صبر اور حوصلے سے کام لیا آپ کو جس قسم کے سنگین حالات کا سامنا کرنا پڑا پھر آپنے جس طرح ان میں صبر سے کام لیا، اس کا اندازہ حضورؐ کے اس ارشاد سے لگایا جا سکتا ہے۔

"اِنَّ اَشَدَّ النَّاسِ بَلَاءً الْاَنْبِيَاءُ ثُمَّ الْاَمْثَلُ فَالْاَمْثَلُ وَاَنَا اَشَدُّكُمْ بَلَاءً"

"انسانوں میں سب سے زیادہ جن پر مصیبتیں اور آزمائشیں آتی ہیں وہ انبیاء ہیں پھر ان لوگوں کی باری آتی ہے جو انبیاء سے قریب تر ہوتے ہیں اور مجھے تم سب سے زیادہ آزمائشوں کا سامنا کرنا پڑا۔"

حضورؐ پر جو مصیبتیں اور آزمائشیں آئیں وہ جسمانی سے زیادہ فکری اور قلبی نوعیت کی تھیں اگرچہ آپکو جسمانی طور پر بھی ستایا گیا لیکن آپ کی اصل آزمائش یہ تھی کہ کفار کی جانب سے آپؐ پر جھوٹے الزامات لگائے جاتے تھے، جاہلانہ اعتراضات کئے جاتے تھے اور کج بحثی کا مظاہرہ ہوتا تھا۔ کبھی کہتے تھے:

"لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ"

"یہ قرآن دونوں بستیوں (مکہ اور طائف) کی کسی بڑی ہستی پر کیوں نہیں اتارا گیا"

کبھی کہتے کہ اس نبی کے ساتھ کوئی فرشتہ ہی بھیجدیا جاتا جو اس کے ساتھ ساتھ لوگوں کو خبردار کرتا۔ کبھی آپکو ساحر کہتے۔ کبھی مجنوں اور کاہن قرار دیتے اور کبھی رحمٰن نام کے ایک لوہار کے بارے میں کہتے کہ قرآن حکیم

Toobaa-elibrary.blogspot.com

کی آیات وہی بنا بنا کر آپ کو دیتا ہے۔

لیکن ان تمام باتوں پر آپ نے صبر کیا۔ چنانچہ آپ نے نہ مایوس ہو کر اپنا کام چھوڑا۔ نہ لوگوں کے دباؤ سے اس میں کوئی ترمیم قبول کی نہ ناراض ہو کر قبل از وقت اپنے مقام دعوت سے کوچ کیا اور نہ غصہ ہو کر قوم کو بددعائیں دیں بلکہ کہا تو یہی کہا: "اَللّٰھُمَّ اھْدِ قَوْمِیْ فَاِنَّھُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ" اے اللہ میری قوم کو ہدایت دے وہ جانتے نہیں ہیں۔

فصلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ واتباعہ الی یوم الدین۔

AF-1228

AF-1228

Toobaa-elibrary.blogspot.com

طوبیٰ ریسرچ لائبریری

اسلامی اردو، انگلش کتب،

تاریخی، سفرنامے، لغات،

اردو ادب، آپ بیتی، نقد و تجزیہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

toobaa-elibrary.blogspot.com